بسم الله الرحمن الرحيم

SENATE DEBATES

SENATE OF PAKISTAN

Sunday January 17, 1988

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall, (Parliament House), Islamabad, at four of the clock in the evening, with Mr. Chairman (Mr. Ghulam Ishaq Khan) in the Chair.

(Recitation from the Holy Quran)

أعوذ بالله من الشيطٰن الرجيم ط بسم الله الرحمٰن الرحيم

قُلْ لِّعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يُقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَيُنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ
سِرًّا وَّعَلَانِيَةً مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ يَوْمٌ لَّا بَيْعٌ فِيْهِ وَلَا خِلٰلٌ ﴿۳۱﴾
اَللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَاَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ
مَآءً فَاَخْرَجَ بِهٖ مِنَ الثَّمَرٰتِ رِزْقًا لَّكُمْ وَسَخَّرَ لَكُمُ الْفُلْكَ
لِتَجْرِيَ فِي الْبَحْرِ بِاَمْرِهٖ وَسَخَّرَ لَكُمُ الْاَنْهٰرَ ﴿۳۲﴾ وَسَخَّرَ لَكُمُ الشَّمْسَ
وَالْقَمَرَ دَآئِبَيْنِ وَسَخَّرَ لَكُمُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ ﴿۳۳﴾ وَاٰتٰكُمْ مِّنْ كُلِّ مَا
سَاَلْتُمُوْهُ وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ لَا تُحْصُوْهَا اِنَّ الْاِنْسَانَ
لَظَلُوْمٌ كَفَّارٌ ﴿۳۴﴾

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

SENATE DEBATES

SENATE OF PAKISTAN

Sunday January 17, 1988

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall, (Parliament House), Islamabad, at four of the clock in the evening, with Mr. Chairman (Mr. Ghulam Ishaq Khan) in the Chair.

(Recitation from the Holy Quran)

أعوذ بالله من الشيطٰن الرجيم بسم الله الرحمٰن الرحيم

قُل لِّعِبَادِيَ الَّذِينَ آمَنُوا يُقِيمُوا الصَّلَوٰةَ وَيُنفِقُوا مِمَّا رَزَقْنَاهُمْ
سِرًّا وَعَلَانِيَةً مِّن قَبْلِ أَن يَأْتِيَ يَوْمٌ لَّا بَيْعٌ فِيهِ وَلَا خِلَالٌ ﴿٣١﴾
اللَّهُ الَّذِي خَلَقَ السَّمَٰوٰتِ وَالْأَرْضَ وَأَنزَلَ مِنَ السَّمَاءِ
مَاءً فَأَخْرَجَ بِهِ مِنَ الثَّمَرَٰتِ رِزْقًا لَّكُمْ وَسَخَّرَ لَكُمُ الْفُلْكَ
لِتَجْرِيَ فِي الْبَحْرِ بِأَمْرِهِ وَسَخَّرَ لَكُمُ الْأَنْهَٰرَ ﴿٣٢﴾ وَسَخَّرَ لَكُمُ الشَّمْسَ
وَالْقَمَرَ دَائِبَيْنِ وَسَخَّرَ لَكُمُ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ ﴿٣٣﴾ وَآتَاكُم مِّن كُلِّ مَا
سَأَلْتُمُوهُ وَإِن تَعُدُّوا نِعْمَتَ اللَّهِ لَا تُحْصُوهَا إِنَّ الْإِنسَانَ
لَظَلُومٌ كَفَّارٌ ﴿٣٤﴾

ترجمہ: آپ میرے ان بندوں سے کہہ دیجئے جو ایمان رکھتے ہیں کہ نماز کی پابندی رکھیں اور ہم نے جو کچھ ان کو دیا ہے اس میں سے پوشیدہ و علانیہ خرچ کرتے رہیں پیشتر اس سے کہ وہ دن آئے جس میں نہ خرید و فروخت ہو گی اور نہ دوستی (ہی) اللہ وہی ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا اور آسمانوں سے پانی اتارا پھر اس (پانی) سے (مختلف) پھل تمہارے لیے بطور رزق پیدا کیے اور تمہارے (نفع کے) لیے کشتی کو (اپنی قدرت کا) مسخر کر دیا تاکہ وہ اس کے حکم سے سمندر میں چلے اور تمہارے (نفع کے) لئے دریاؤں کو (اپنی قدرت کا) مسخر کر دیا اور تمہارے (نفع کے) لیے سورج اور چاند کو (اپنی قدرت کا) مسخر کر دیا جو دوام رکھنے والے ہیں اور تمہارے (نفع کے) لیے رات اور دن کو (اپنی قدرت کا) مسخر کر دیا اور تم کو ہر اس چیز میں سے دیا جو تم نے مانگی اور اگر تم اللہ کی نعمتوں کو گننا چاہو تو انہیں شمار نہ کر پاؤ گے۔ بیشک انسان بڑا ہی نا انصاف ہے بڑا ہی نا شکرا ہے۔

(سورہ ابراہیم ۳۱ تا ۳۴)

LEAVE OF ABSENCE

جناب چیئرمین :- جزاک اللہ ۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ رخصت کی درخواستیں ۔ جناب سید عباس شاہ نے نجی مصروفیات کی بنا پر ایوان سے ۱۷ جنوری کے لیے رخصت کی درخواست کی ہے ۔۔۔۔۔

سید عباس شاہ :- میں حاضر ہوں سر ۔

جناب چیئرمین : ٹھیک ہے Application withdrawn اختر نواز خان کے ایک قریبی عزیز وفات پا گئے ہیں اس لیے انہوں نے ایوان سے ۱۷ تا ۲۱ جنوری رخصت کی درخواست کی ہے کیا ایوان ان کی درخواست منظور کرتا ہے ؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب عبدالرحیم میرداد خیل : پوائنٹ آف آرڈر جناب!

جناب چیئرمین : جی فرمایئے ۔

جناب عبدالرحیم میرداد خیل : جناب چیئرمین! آپ کو معلوم ہو گا کہ ہمارے اس ایوان کے معزز رکن جناب جہانگیر شاہ جوگیزئی کے بھائی، وزیر صحت صوبہ بلوچستان وفات پا چکے ہیں سید فخر امام کی والدہ بھی وفات پا چکی ہیں ۔ آج کے اخبار میں آیا ہے کہ ۴۵ افراد بس ۔ ایک حادثے میں دریائے جہلم میں گر کر وفات پا چکے ہیں تو اس سلسلے میں اس ایوان سے التماس ہے کہ ان سب حضرات کی مغفرت کے لیے دعا کی جائے ۔

جناب چیئرمین : مجھے آپ سے مکمل اتفاق ہے ۔ میرے خیال
میں سب کے لیے دعا کرتے ہیں آپ ہی دعا فرمائیں ۔
(جناب عبدالرحیم میر دادخیل نے دعا کی

جناب چیئرمین : خدا ان سب کو غریق رحمت کرے ۔ تحریک
استحقاق نمبر ۱۲ جاوید جبار صاحب کی ہے ۔

PRIVILEGE MOTIONS

Mr. Javed Jabbar : Sir, I don't have a copy of that.

Mr. Chairman : You don't have a copy. If you want to move it on some other day we can post pone it.

Mr. Javed Jabbar : No Sir, I mean let me just have a look whether it is a matter about the Federal Land Commission?

Mr. Chairman : No, it is one the decision taken on the Muslim League Parliamentary party regarding allocation of development funds for schemes submitted by the members. It carries serial No. 12. We have another one No. 13, but since this was ready for..........

Mr. Javed Jabbar : Is that mine, Sir? So you can take No. 13, if there is some delay on this. I can take it up in the next sitting.

Mr. Chairman : Then we will take up No. 13 first, Professor Khurshid Sahib.

(i)*RE* : INADEQUATE REPRESENTATION OF THE SENATE IN THE PARLIAMENTARY DELEGATIONS

پروفیسر خورشید احمد : بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔ جناب چیئرمین !
میں یہ موشن پہلے پڑھ کر سنا دوں ۔

Under Section 53 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, I would like to give notice for the following privilege motion :

"In view of the fact that Senate is the Upper House of the Parliament and that one-third of the expenses incurred in connection with international parliamentary delegations are borne by the Senate, it was expected that in all International Parliamentary Delegations the representation of Senate would be one-third. The facts of the case, however, are to the contrary. In the 75th IPU Conference (April 1986) at Mexico, 9 Members participated, of whom only two were from the Senate and when one of the Senators fell ill the replacement was sent from the National Assembly. In the 76th IPU Conference (October 1986) there were 10 Members, of whom only two were Senators. The 77th IPU Conference (April 1987) delegation consisted of 9 persons, of whom only two were Senators. In the 78th IPU Conference (November 1987) 10 members were sent, of whom only two were Senators. The Parliamentary Delegation to Democratic Republic of Korea (August 1986) consisted of 9 members of whom there were two Senators but the Senate Secretary was sent as its Secretary. The Parliamentary Delegation to Jordan (July 1986) had 8 members of whom only one was Senator. In the Parlimentary Delegation to Poland (September 1987) 8 members participated of whom only two were Senators. The Parliamentary Delegation to Japan (September 1987) had 9 members of whom only one was Senator. Of the four delegations to the IPU only once Senate Secretary was sent as Secretary to the delegation. Excepting two delegations i.e. Parliamentary Delegation to Korea (August 1986) and Parliamentary Delegation to Poland (September 1987), Senate has remained grossly under-represented. This I beg to submit constitutes a violation of the privilege of the Senate which should be represented properly in all parliamentary delegation whether to international parliamentary conferences or country delegations. I understand the same has been the situation in respect of participation by members of the Parliament to the United Nations. I, therefore, sumbit that the Privileges Committee should consider this violation and suggest appropriate action to rectify this situation".

Thank you. If it is opposed, then, I will make further submissions.

Mr. Wasim Sajjed : Opposed, Sir.

Mr. Chairman : It is being opposed

پروفیسر خورشید احمد: یہ حسرت ہی رہے گی کہ کبھی وزیر عدل اپنی "نہ" سے ہٹ کر کوئی بات کریں۔

جناب چیئرمین: ذہ انصاف کا منشاء ہے۔

پروفیسر خورشید احمد: یہی تو مسئلہ ہے کہ انصاف کہاں ہے جناب والا! اس تحریک استحقاق سے میرا مقصد یہ ہے کہ پارلیمنٹ کے دونوں ایوان جس تناسب سے بین الاقوامی کانفرنسوں میں شرکت کے نام پر مالی بار اٹھا رہے ہیں اسی تناسب سے ان کی نمائندگی بھی ہونی چاہیئے یہ مسئلہ کسی فرد کا نہیں ہے اور یہ مسئلہ قومی اسمبلی اور سینیٹ کے درمیان بھی متنازعہ فیہ نہیں ہے، میں سمجھتا ہوں کہ یہ کچھ روایات ہیں جو ان کو " قائم کرنی چاہیئں اور چونکہ اس ملک میں ایک مدت تک پارلیمانی روایت معطل رہی ہے، اس لیے غالباً ہم اس سلسلے میں صحیح توازن قائم نہیں کر سکے ہیں اور صحیح مشینری نہیں بنا سکے ہیں۔ جب میں نے ان سارے اعداد و شمار کا مطالعہ کیا تو میں نے یہ بات محسوس کی کہ سینیٹ سے انٹر پارلیمنٹری یونین کے delegations میں ایک تہائی نمائندگی ضرور ہونی چاہیئے اسی طرح وہ delegations جو پارلیمنٹ کے مشترک delegation ہیں۔ ان میں ایک تہائی نمائندگی سینیٹ کی ہونی چاہیئے، اسی طرح سینیٹ سیکریٹریٹ کو بھی alternately use ہونا چاہیئے ایک مرتبہ قومی اسمبلی کا سیکرٹری، delegation کے سیکرٹری کی حیثیت سے جائے دوسری مرتبہ سینیٹ کا سیکرٹری جائے میں سمجھتا ہوں کہ اس

کام کو خوبصورتی سے کرنے کے لیے اس بات کی ضرورت ہے کہ سپیکر اور چیئرمین کے درمیان ایک Understanding ہونی چاہیئے اسی طریقے سے اسمبلی کے سیکرٹری اور سینیٹ کے سیکرٹری کی مشترک کمیٹی ہونی چاہیئے، اس وقت میرے علم کی حد تک صورت حال یہ ہے کہ یہ تمام کام by and large قومی اسمبلی کے ہاتھوں میں ہے، جب کہ یہ وہ چیز ہے جو کہ پارلیمنٹ کی مشترک ہے اور مشترک معاملات کے اندر فیصلہ کرنے کا نظام بھی مشترک ہونا چاہیئے اور نمائندگی کا ایک صحیح تناسب قائم ہونا چاہیئے یہ اس ملک میں پارلیمانی روایات کو پروان چڑھانے کے لیے بے حد ضروری ہے اس بنا پر میں نے اس موشن کے ذریعے آپ کی، حکومت کی توجہ اس مسئلے کی طرف مبذول کرائی ہے، یہ حکومت یا اپوزیشن کا مسئلہ نہیں ہے اور یہ نیشنل اسمبلی سینیٹ کا کوئی تنازعہ نہیں ہے۔ بلکہ پارلیمنٹ کے مجموعی وقار کو کس طرح قائم کیا جائے اور بین الاقوامی نمائندگی میں ان دونوں سے کس طرح پورا پورا فائدہ اٹھایا جائے تاکہ کسی کے ساتھ نہ صرف یہ کہ ناانصافی نہ ہو بلکہ ملک کی بہترین نمائندگی ان تمام فورمز میں کی جا سکے اور جیسا میں نے عرض کیا کہ اس کام کو کرنے کے لیے بھی کوئی ضابطہ، کوئی طریقہ بننا چاہیئے قومی اسمبلی کے سیکرٹری اور سینیٹ کے سیکرٹری کی مشترک کمیٹی ہو اور اسی طریقے سے چیئرمین اور سپیکر کی کمیٹی ہو۔ ان اداروں کے ذریعے آپ اس کام کو انجام دیجیئے اور اس طرح آپ اس ملک میں بھی جمہوریت کو پروان چڑھانے میں بہتر کردار ادا کر سکیں گے اور ملک کا زیادہ اچھا image باہر بن سکے گا، یہ ہیں وہ وجوہ جن کی بنا

پر میں نے آپ کی توجہ اس تحریک استحقاق کے ذریعے چند حقائق کی
طرف دلائی ہے۔ شکریہ!

جناب چیئرمین :- شکریہ! جناب جاوید جبار صاحب۔

Mr. Javed Jabbar : First of all Mr. Chairman, it is necessary to emphasize that in supporting the privilege motion moved by my honourable colleague, one is not making any kind of complaint or supporting any complaint. One is raising a question of principle and it is a question of principle that exists not only in the imagination or the minds of people who may not be members of the ruling party but I believe it is a question of principle and privilege that is enshrined in the Constitution. The Constitution specifies the participation of the Senate in the Cabinet of Pakistan. It has not left to the discretion of an individual whim of the Leader of Government party to determine the representation of the Senate at the highest level of policy making. From that basic principle, Sir, follows the fact that the Senate should be given due representation at all levels wherever Parliament is to be represented within the country and outside the country. This principle in the last 2½ years and now almost three years regrettable has been consistently denied and neglected.

In fact, Sir, I believe that it also reflects most unfortunately another trait that is becoming apparent in this elected Government which claims to be an elected Government and which can justifiably say that it has overseen the withdrawal of Martial Law, but whereas fortunately no violance has been practised upon those who do not belong to the ruling party. There is clearly apparent a tendency to dislike dissent not only within Parliament but also outside Parliament. There are numerous instances, which I shall not burden the memory or the knowledge of this House with, where I know from personal example and personal experience that people who do not belong to the ruling party have been denied certain basic courtesies, privileges and opportunities. The only reason that I at least have never raised a question of personal privilege in Parliament is because I do not wish the concept of privilege to misunderstood as it is deliberately misunderstood in certain segments of the public. Privilege, to my mind, relates to institutional privilege and here we have a case where the Senate which though indirectly elected, nevertheless, has an inherent right to represented at all appropriate forums. Thank you.

Mr. Chairman : Thank you.Mr. Wasim Sajjad.

Mr. Wasim Sajjad : Mr. Chairman, Sir, the privileges of Parliament are those privileges which are granted to Members in order that they may be able to perform their duties in Parliament without let or hinderance. This has throughout been the concept of privileges of Members of Parliament i.e. that there are certain right conferred upon them so that there is no hinderance in the performance of their duties as Members of parliament in parliament. The question of parliamentary delegation is not any thing which hinders the performance of functions in Parliament. Parliamentary delegations are formed from time to time. They cannot by any stretch of imagination be extended to include the functions which a Parliament performs normally as party of the duties conferred by the Constitution.

Secondly, Sir, you must have noticed that the honourable Senator recounted certain events starting from April, 1986, and mentioned these various instances from time to time to justity his point of view that Senate has not been adequately represented in the various delegation.

First of all, Sir, this is hit by the principle that this has not been raised at the earliest opportunity. Secondly, Sir, these are various instances and it is not one specific instance which has been made the subject matter of the privilege motion.

Then, Sir, I would like to point out that as far as delegations are concerned, these delegations sometimes are exclusively Senate delegations and sometimes they are exclusively National Assembly delegations. There are some delegations where there are both the members of the National Assembly and the members of Senate. There is no principle that I can see anywhere which says that in constituting a parliamentary delegation regard must necessarily be had to have equal number of members from both Houses In fact, there could be a parlimentary delegation where we may have a majority of the Senators and a minority of the National Assembly members. This is a decision which is taken from time to time by the persons constituting the delegation - it could be the Speaker of the National Assembly, it could be the Chairman of the Senate, it could be the Government, they constitute it from time to time.

To the extent, Sir, that the honourable Senator wanted to draw attention to the fact that there should be more concern, more stress laid on greater participation of the Senate, we shall try and do that. I am sure, you will also try to ensure that we can give more representation wherever possible to the Senate. But, Sir, I wuould respectfully submit that as far as the Rules of Procedure of this House are concerned, it would not constitute a breach of privilege, as the motion has been made before this House.

جناب چیئرمین : جناب پروفیسر خورشید صاحب ۔

پروفیسر خورشید احمد : جناب چیئرمین! سب سے پہلے تو میں وزیر عدل کے آخری جملے کے لیے شکریہ ادا کرتا ہوں کہ وہ راج ہٹ سے ہٹ کر کے کم از کم اس بات پر غور کرنے کے لیے تیار ہیں۔ میں اس کے لیے ان کا ممنون ہوں لیکن میرا فرض ہے کہ جہاں تک حقائق ہیں وہ آپ کے سامنے رکھ دوں ۔ سب سے پہلی بات یہ ہے کہ پریولجز کا کوئی قانون اس ملک میں موجود نہیں ہے اور پریولجز کا معاملہ دنیا کی دوسری پارلیمنٹس میں بھی خاصا vague اور flexible ہے Vague اور flexible ہونے کے جہاں کچھ نقصانات ہیں وہاں کچھ فوائد بھی ہیں اور ان فوائد میں ایک فائدہ یہ ہے کہ کچھ ایسے میدان اور کچھ ایسے موضوعات جو اگرچہ بہت واضح نہ ہوں لیکن جہاں یہ ایوان یا پریولجز کمیٹی میں جناب چیئرمین! یہ محسوس کر کے کہ گو قانون کے الفاظ تو اس معاملے کو cover نہیں کرتے لیکن spirit ضرور اسے cover کرتی ہے اور جہاں لکھا ہوا قانون نہ ہو وہاں ان چیزوں پر بھی غور ہو سکتا ہے اور اس کی بے شمار مثالیں موجود ہیں اور اس سے پہلے میں نے آپ کی توجہ اس طرف مبذول کروائی ہے ۔ پریولجز کو پارلیمنٹری تاریخ کے کئی مؤرخین نے ایک evolving subject قرار دیا ہے اور یہ بتایا ہے کہ ۳۰ ، ۳۵ ایریاز ایسے ہیں جہاں اس سے پہلے کوئی ایسی قانونی precedent موجود نہیں ہے لیکن پارلیمنٹ نے ضرورت کی مناسبت سے پریولجز کے تحت ان معاملات کو زیر غور رکھا ہے ۔

پہلی اور بڑی اہم بات میں یہ عرض کروں گا کہ پریولجز کے موضوع میں بڑی وسعت ہے اور ہمیں اس وسعت کو arbitrarily ختم نہیں کر دینا چاہیئے۔ دوسری بات وزیر عدل نے یہ فرمائی کہ پریولجز کا تعلق پارلیمنٹ میں ارکان کے حقوق سے ہے، مجھے اس بات سے اتفاق ہے لیکن یہ مکمل حقیقت نہیں ہے is part of the truth ایک پارلیمنٹیرین کے کچھ وظائف وہ ہیں جو پارلیمنٹ ہاؤس کے اندر انجام دیئے جاتے ہیں لیکن ایک پارلیمنٹیرین کے بہت سے ایسے وظائف ہیں جو پارلیمنٹ ہاؤس میں وہ ادا نہیں کرتا۔ مثال کے طور پر وہ اپنے حلقے میں کام کرتا ہے اگر اپنے حلقے میں کام کرنے میں اس پر کوئی ایسی پابندی لگائی جاتی ہے جہاں پبلک سے اس کے رابطہ کو مسدود کیا جائے گو پارلیمنٹ کے اندر یہ اس کے حق کی تلافی نہیں لیکن یہ بات بھی اس کے بریچ آف پریولج کے اندر آتی ہے۔ پارلیمنٹ کا ایک کام یہ بھی ہے کہ وہ بین الاقوامی سطح پر کچھ کام انجام دیتی ہے اور اسی بنا پر تمام مہذب ممالک کی جو elected Parliaments ہیں وہ Inter Parliamentary Union کی ممبر ہوتی ہیں اور آپ کو یاد ہوگا کہ جب پاکستان میں مارشل لاء لگا ہے تو اس کی بنا پر پاکستان کو انٹر پارلیمنٹری یونین سے نکال دیا گیا اور جب یہ ایوان دوبارہ وجود میں آیا تو پھر ہم نے انٹر پارلیمنٹری یونین میں دوبارہ درخواست دی ہمیں اس کا رکن بنایا گیا اور اس کے بعد اس ایوان نے اور نیشنل اسمبلی نے اس کی ممبر شپ اختیار کی یہ بھی Parliamentary functions کی ادائیگی کا ایک مظہر ہے اس کا ایک پہلو ہے۔ یہ کہہ دینا کہ اس ایوان کے اندر جو

[Prof. Khurshid Ahmed]

کچھ ہو رہا ہے وہ تو پارلیمنٹ کا کام ہے لیکن ایوان کے باہر جو ہم پارلیمنٹری فرائض انجام دے رہے ہیں یہ اسکا حصہ نہیں ہے یہ درست نہیں ہے۔ جس وقت آپ کو Foreign Aid Bill کے بارے میں مشکلات درپیش آئیں تو آپ نے پارلیمنٹ کا ایک delegation بھیجا تا کہ وہ امریکہ جا کر وہاں کی پارلیمنٹ سے بات چیت کرے۔ اس کا مقصد وہاں کوئی سیرو تفریح کرنا نہیں تھا کوئی ایکسٹرا پارلیمنٹری کام نہیں تھا۔ بلکہ فی الحقیقت یہ بھی پارلیمنٹ کے فنکشنز کا ایک حصہ تھا میں یہ عرض کروں گا کہ پارلیمنٹ میں جو کام کیا جائے وہ بلاشبہ بنیادی کام ہے اور حقیقی پریویلج سے متعلق ہے لیکن اسی طرح پارلیمنٹ کے باہر بھی ان مقاصد کو پورا کرنے کے لیے ان فنکشنز کو ادا کرنے کے لیے عوام کے منتخب نمائندوں کی حیثیت سے ہم پر کچھ فرائض عائد ہوتے ہیں۔ لہٰذا ملک کے اندر یا ملک سے باہر جو کام بھی کیا جائے اگر وہ اس دائرے میں آ رہا ہے تو اس کا تعلق بھی اسی طرح پارلیمانی کام سے ہے اور اس کے متعلق بھی وہی پریولجز لاگو ہوں گے۔

تیسری بات جناب والا! میں یہ عرض کرنا چاہوں گا کہ یہ صحیح ہے کہ اس معاملے میں کوئی بندھے ٹکے ضوابط نہیں ہیں کہ کب کتنے افراد جائیں اور کتنے افراد نہ جائیں اور جیسے میرے بھائی جاوید جبار نے کہا اور اس مسئلے کی خود میں نے بھی وضاحت کی تھی کہ نہ کوئی ہمارا پرسنل انٹرسٹ ہے نہ یہ مسئلہ سینٹ اور نیشنل اسمبلی کے درمیان کوئی متنازعہ ہے نہ یہ اپوزیشن اور گورنمنٹ کا

مسئلہ ہے یہ خالص پارلیمانی روایات کا مسئلہ ہے اور اس پر آپ اسی پہلو سے غور کریں اور رہی یہ بات کہ یہ continuing چیز ہے آج واقع نہیں ہوئی تو میں نے در اصل اس کو اس سیشن میں اس لیے اٹھایا کہ میں یہ دیکھنا چاہتا تھا کہ سینیٹ کے لیے تین سال کا پیریڈ ایک خاص پیریڈ ہوتا ہے اگر آپ ایسا کرتے کہ دو delegations میں نیشنل اسمبلی کے ممبر زیادہ تھے اور سینیٹ کے کم تھے تو دوسرے میں آپ نے سینیٹ کے زیادہ بھیج دیئے ہوتے اور نیشنل اسمبلی کے کم تو بحیثیت مجموعی ایک توازن قائم ہو گیا ہوتا تو شاید میں یہ موشن نہ لاتا لیکن میں نے ضروری سمجھا کہ اس سیشن میں جو آخری سیشن ہے پورے view کو سامنے رکھ کر کوئی بات کہی جا سکتی ہے اور اسی بنا پر میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہی سیشن وہ مناسب وقت تھا جس میں مکمل پکچر ہمارے سامنے آ سکتی تھی۔

آخری بات انہوں نے یہ فرمائی ہے کہ کچھ delegations ایسے ہوتے ہیں جو سینیٹ کے ہوتے ہیں کچھ ایسے ہوتے ہیں جو نیشنل اسمبلی کے ہوتے ہیں میں نے ان دونوں کو exclude کر دیا میری پریویلج موشن کا وہ موضوع نہیں ہے میں نے اپنی پریویلج موشن کو صرف ایک چیز تک محدود رکھا ہے جو مشترک پارلیمانی delegations تھے اعداد و شمار میں نے صرف ان کے دیئے ہیں یعنی جو انٹر پارلیمانی یونین کے تھے اور دوسرے وہ delegations جو مشترک پارلیمنٹ کے تھے۔ صرف سینیٹ اور نیشنل اسمبلی کے delegations delegation کو میں نے اس میں شامل نہیں کیا۔ رہی یو این او میں نمائندگی تو چونکہ میرے پاس اعداد و شمار نہیں تھے میں نے اس بات کو حتمی

انداز میں پیش نہیں کیا لیکن میری معلومات یہ ہیں کہ یو این او میں جو
پارلیمانی نمائندگی ہوتی ہے وہاں بھی صحیح طرح سینیٹ کا تناسب نہیں
رکھا گیا - اس بنا پر میں نے سب باتیں آپ کے سامنے رکھی ہیں
اور مجھے توقع ہے آپ اس پر اسی سپرٹ سے غور کریں گے جس
میں، میں نے یہ باتیں پیش کی ہیں -

Mr. Wasim Sajjad : Sir, I just want to clarify it. At the outset of my submissions I had said that the privileges are those privileges which are granted to members to perform their functions in Parliament without let or hinderance. It is true Sir, that sometimes the members of Parliament, since they hold a representative capacity, undertake duties which do not belong to the members in Parliament as such but duties which may be conferred on any responsible sitizen or a person holding a representative office. I would not call that duty essentially a parliamentary duty. It is a duty conferred on a member of Parliament because of his status as such but does not necessarily pertain to the performance of functions of Parliament per se.

Secondly Sir, I had said that a breach of privilege takes place if there is a hinderance created in the performance of his duties. If let us say Sir, two members have been sent and the honourable Senator feels that three should have been sent; how does that constitute a hinderance in the performance of function by the Parliament. One can say if they were more, they would have been more effective or they could have organised themselves better but this does not mean that by sending two instead of three as he said, a hinderance has been created in the performance of functions by Parliament. So, Sir, I would respectfully submit that the point he made, I think, has been noticed by everybody but it does not constitute a breach of privilege of this honourable House.

Mr. Chairman : Thank you. Mr. Javed Jabbar. I thought, it was a relatively simple issue.

Mr. Javed Jabbar : Two points Mr. Chairman, on its admissibility. The Minister conveniently ignores the fact that from the very same book where he finds references to define privileges, they very same book states : "a House itself is the best arbiter of its own pri-

vilege". Therefore, the definition that he uses is not necessarily the binding one.

Mr. Chairman : If there is a privilege a recognized privilege.

Mr. Javed Jabbar : But the concept of privilege is constantly evolving in a state of flux.

Secondly, Sir consistent under representation of a legislature is an act of omission rather than creating a deliberate obstacle and consistent under representation would in itself constitute a breach of privilege.

Mr. Chairman : Right. I think, this issue needs to be looked at from three aspects. One is the situation with regard to traditions, conventions, rules and regulations quoted by the Minister for Justice. On that I must say that proportionate representation in parliamentary delegation is not one of the recognized parliamentary privileges. However, desirable and equitable it might otherwise be. The two other aspects are facts and the arithmetic of the whole issue, I think, none of the honourable members who have spoken on this has referred to the arithmetic of this whole exercise.

On facts, first the motion refers to eight delegations. I have collected the individual names and also the number of members either of the Senate or the Assembly who went abroad on these delegations and participated in these delegations. The total number of members who participated in these delegations were 19 Senators and 48 M.N.As. The number of Senators who were approved but who could not for various reasons accompany the delegation, they come to five. If your are interested in knowing the names or the number in an individual delegation also, I can give them to you. This is upto Professor Khurshid if he wants those. But I think, very briefly, let me also complete that exercise. In the 75th IPU Conference, there were six MNAs and two Senators. In the 76th, there were seven MNAs and two Senators. In the 77th, there were six MNAs and two Senators. In the 78th, there were again six MNAs and two Senators. But then the disparity whatever existed earlier and I would comment on that whether there was in fact a disparity or no separately but that disparity was made up in the subsequent delegation. In the delegation to DPRK there were six MNAs and three Senators. One of our Senators, Syed Fazal Agha, for personal reasons could not go. The next one Parliamentary Delegation to Jordan which was also referred to, there were six MNAs and two Senators. Qazi Hussain Ahmed could not accompany the delegation due to personal reasons, that would had made three Senators.

[Mr. Chairman]

In the next one which is delegation to Poland, there were five MNAs and four Senators, again, Maulana Samiul Haq and Mumtaz Ahmad Khan could not accompany that delegation for personal reasons. In the last one, which went to Japan, there were six MNAs and two Senators - Mir Yousuf Ali Khan Magsi could not accompany the delegation for personal reasons. Now, if you include those also, who for personal reasons could not accompany the delegation I think, you would find that there is not much of a disparity.

Now with regard to the disparity that is to say an exercise in arithmetic and I have done that. The total number of Senators is 87 that of the National Assembly is 237. Now, on the basis of ratio proportion that would give you a ratio of 1 to 2.7 – 2.7 Members of Assembly and one Senator. Now, if you round up the decimal to the nearest the whole figure that makes a ratio of 1 to 3 – One Senator and 3 (three) MNAs. that is to say we have a one-fourth share and not one-third as claimed, in the delegations

Looking at it again, from a different point of view, the total membership of Parliament is 87 plus 237 making a total of 324. Now, on the average about 9 members of Parliament have gone abroad on these delegations. Now, if our share of the total number of Parliament is 87 over 324 then out of 9 we have a right or a share of 2.4. Again, if you round up the decimal to the nearest whole you would get only two Members. You can't send .4 of a member. So, this is the arithmetic of the whole thing.

Now, this is correct that traditionally, the Senate has been paying one-third of the total expenses but neither on the basis of the facts nor on the basis of the traditions or conventions, nor on the basis of arithmetic of the total exercise, the motion is justified, but as the Minister for Justice stated, I think, we have all taken a good note of it already. I must say that there is a . . . . have not constituted a formal committee as has been suggested that probably will help and I do intend to talk to the Speaker of the National Assembly about this but invariably wherever a delegation has gone and the initiative whether it is taken by the Speaker or it is taken by the Chairman, we consult each other and the delegations are formulated jointly. There is one thing more and that is that whatever the recommendations either of the Speaker of the Chairman, myself or of the two of us together may be it has to go to the Government because the ultimate decision is that of the Government. They release the funds and they authorize delegations to go abroad both from our foreign relations angle and otherwise, and there are some changes made at that stage. But the number is not still fixed

even on that we are consulted. So, I think, the motion is not admissible but for future, we would formalize or institutionalize this committee of the two Secretaries and they can decide on the numbers which should go from time to time. They can also suggest a composition and on the basis of this, the Speaker of the National Assembly and the Chairman of the Senate, they will consult each other and formulate future delegations.

Prof. Khurshid Ahmed

پروفیسر خورشید احمد: جناب چیئرمین! میں آپ کا بہت ممنون ہوں خاص طور پر جو آپ نے arithmetically اسکو deal کیا ہے۔ غالب کا ایک مصرعہ میرے ذہن میں آ رہا تھا، اگر بے ادبی نہ ہو، تو عرض کروں۔

بن گیا رقیب آخر، تھا جو راز داں اپنا

لیکن میں صرف دو باتیں اس ضمن میں عرض کرنا چاہتا ہوں، آپ نے جو نتیجہ نکالا ہے وہ بالکل درست ہے، یہی میرا بھی مقصد تھا۔ لیکن اگر arithmetic اتنا ہی اہم ہے تو پھر arithmetic کو ذرا کاسٹ پر بھی لگا لیں اور آئندہ سے سینیٹ جو ہے وہ ایک تہائی کی بجائے ایک چوتھائی expenses دیا کرے۔ اس سے ہمارے بجٹ پر خوشگوار اثرات پڑیں گے۔

جناب چیئرمین: اس کے متعلق بھی عرض کرتا ہوں کہ اس کے بارے میں بھی ہم نے سوچا تھا اور چونکہ جو tradition تھی اور میں اسے up-set نہیں کرنا چاہتا تھا۔ جہاں تک بجٹ کا تعلق ہے، وہ سب یسین خان وٹو کی جیب سے آتا ہے خواہ وہ اسمبلی کا ہے، خواہ وہ سینیٹ کا ہے۔

پروفیسر خورشید احمد: یہ ہم سب کی جیب سے آتا ہے وہ قوم دیتی ہے۔

جناب چیئرمین : وہ قوم ہی دیتی ہے۔۔۔ یہی میں عرض کرتا ہوں۔۔۔۔ وہ نہ سینیٹ کا بجٹ ہے اور نہ ہی اسمبلی کا بجٹ ہے، وہ سب اس قوم کا بجٹ ہے، اور یہ اسی سے آتا ہے۔

پروفیسر خورشید احمد : یعنی اس پر بھی آپ کی کمیٹی غور کرے۔

جناب چیئرمین : یہ زیادہ مناسب نہیں ہے۔

پروفیسر خورشید احمد : دوسری عرض یہ ہے کہ اگر کوئی سینیٹر اپنی ذاتی وجوہ کی بنا پر نہ جا سکے تو یہ فیصلہ اتنا پہلے ہونا چاہیئے کہ ان کی replacement آپ لے سکیں، آخر دوسرے ممبر موجود ہیں۔ ایسے تو نہیں ہے کہ اس سلسلے میں دوسرے لوگوں کو زحمت نہیں دی جا سکتی۔

جناب چیئرمین : یہ آپ کا ارشاد بجا ہے لیکن آخیر تک پتہ نہیں چلتا ہے کہ کون نہیں جا رہا ہے۔ بعض اوقات یہ بھی ہوا ہے کہ delegation دو دنوں کے اندر جا رہا تھا اور یہ فیصلہ ہی نہیں ہو سکا کہ کس کس نے جانا ہے۔ اس طرح آخر وقت میں کوئی drop ہو جاتا ہے تو اس کی جگہ ہم substitute suggest کریں تو اس بے چارے کو نہ پتہ ہوتا ہے کہ کہاں جانا ہے، کیا کرنا ہے، گرم کپڑے وہاں پہننے ہیں سرد کپڑے پہنتے ہیں۔ پاسپورٹ ہے یا نہیں ہے، ویزا ہے یا نہیں ہے۔ یہ آپ کا فرمانا بالکل بجا ہے کہ ان delegations کا خصوصاً جن کے متعلق پتہ ہو کہ انہوں نے کب جانا ہے

تو اس کے substitute کا ہر وقت فیصلہ کیا جا سکتا ہے۔

So, I think, the motion is ruled out.

بہر حال حساب کتاب ضروری ہے۔

Mr. Javed Jabbar : Sir, this privilege motion of mineNo. 12 do you want to take it up in the next sitting

Mr. Chairman : Well, this is up to you and to the House. If you want me, to answer, take it up today, Wasim are you ready for another one also.

Mr. Wasim Sajjad : Sir, this should appropriately be handled by Mr. Iqbal Ahmad Khan.

Mr. Chairman : Mr. Iqbal Ahmad Khan – he is not here today.

Mr. Wasim Sajjad : Then Sir, I would request you to take it up in the next sitting.

Mr. Chairman : Alright. Then we can take it up in the next sitting.

مولانا کوثر نیازی : اگر آپ اجازت دیں تو میں زبانی طور پر ایک پریولج موشن پیش کرنا چاہتا ہوں۔

جناب چیئرمین : اصل میں قواعد کی کتاب میں جو کچھ پریولج موشن کے لیے لکھا ہوا ہے اس کے مطابق نوٹس دینا ضروری ہے۔

مولانا کوثر نیازی : اصل میں چیئرمین کی discretion پر ہے۔

جناب چیئرمین : اور وہ نوٹس بھی in writing ہونا چاہیئے۔

مولانا کوثر نیازی : اگر آپ چاہیں تو کسی بھی وقت اجازت دے سکتے ہیں۔

جناب چیئرمین : اس کا مطلب ایک یہ ہے کہ پریولیج موشن بجائے اس کے سب ایوان کو سنایا جائے، پہلے اگر مجھے اس کو دیکھنے کا موقع آپ فراہم فرما دیں تو . . . .

مولانا کوثر نیازی : وہ کوئی ایسی سخن گسترانہ بات نہیں ہو گی - وہ آپ سن لیں -

جناب چیئرمین : یہ تو پتہ نہیں ہوتا ہے کہ سخن گسترانہ ہے یا نہیں ہے -

مولانا کوثر نیازی : اگر ایک فقرہ بھی آپ کو کوئی ایسا نظر آئے تو آپ فوراً مجھے کہہ دیجئے -

جناب چیئرمین : اصل میں سخن گسترانہ بات ہمیشہ مقطع بن آتی ہے اور وہ جب آپ ختم کریں گے تو تبھی ہی پتہ چلے گا کہ سخن گسترانہ ہے یا نہیں -

مولانا کوثر نیازی : جناب والا ! یہ پریولیج موشن کا مقطع ہی ہے نا، یہ آخری پریولیج موشن ہے، اگر آپ اجازت دیں -

جناب چیئرمین : آپ فرما لیجئے - لیکن میں اتنا آپ سے عرض کر دوں کہ وہ جو تصور میری نظر میں پریولیج موشن کا ہے کہ کن قواعد کے تحت پریولیج موشن کی اجازت دی جاتی ہے اگر یہ آپ کی پریولیج موشن اس معیار کے مطابق نہ ہوئی تو میں آپ کو درمیان میں ہی ٹوک دوں گا -

مولانا کوثر نیازی :- بصد شوق آپ درمیان میں ہی ٹوک دیجئے گا -

ii) *RE* : DELAY IN TAKING UP ADJOURNMENT MOTIONS OF THE MOVER (MAULANA KAUSAR NIAZI)

مولانا کوثر نیازی : جناب والا ! بات یہ ہے کہ تحریک التوا کے بارے میں لکھا ہے کہ وہ urgent public importance کی حامل ہونی چاہیئے اور اسی بنیاد پر آپ اس کی admissibility کا فیصلہ کرتے ہیں میری دو اجرنمنٹ موشنز ایک سال سے ایڈمٹ ہو چکی ہیں اب ظاہر ہے کہ ایک سال سے ان کی جو urgency ہے وہ نہیں رہی ۔ ایک سال تک بھی اسے take-up نہیں کیا گیا ۔ دو دفعہ اس سیشن کے اندر ایک ایڈجرنمنٹ موشن ایجنڈے پر آئی ۔ ایک دفعہ وہ اس لیے زیر بحث نہیں آ سکی کہ کوئی ڈنر تناول فرمایا جانا تھا ۔ دوسری دفعہ اس لیے زیر بحث نہیں آ سکی کہ گورنمنٹ بینچز نے اسی شام قومی اسمبلی کا اجلاس بھی رکھا ہوا تھا لہٰذا کہا گیا کہ باقی ایجنڈا بعد میں لیا جائے گا ۔ اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ urgent public importance کے جو مسائل ہیں ان کو tak-up کرنے کے بارے میں گورنمنٹ کا رویہ کیا ہے میں یہ گزارش کروں گا کہ ایک سال مسلسل ان تحاریک التوا پر بحث نہ کرنے سے واضح طور پر میری اور اس ایوان کی حق تلفی ہوئی ہے اور ہمارا استحقاق مجروح ہوا ہے ۔

جناب چیئرمین : میرے خیال میں اگر میں اس کا زبانی جواب ہی دے دوں تو بہتر ہے اس میں نہ تو کسی کی حق تلفی ہوئی ہے اور نہ ہی اس sense میں پریولج موشن بنتی ہے مجھے یہ سب واقعات زبانی یاد ہیں چشمہ رائٹ بینک کینال کا معاملہ پہلے بھی ہم نے رکھا ہوا تھا اور اس کا اس ایوان نے فیصلہ کیا ہوا تھا کہ جب حکومت تیار ہو، قاضی صاحب تیار ہوں، تب اس پر بحث ہو گی ۔ ایک دو مواقع ایسے آئے

[Mr. Chairman]

کہ اپنے اپنے مقام پر "کبھی تم نہیں کبھی ہم نہیں" ایسے واقعات پیش آئے
یا اس موشن کا mover نہیں تھا یا متعلقہ منسٹر نہیں تھا۔

مولانا کوثر نیازی : تو جناب mover ہمیشہ موجود رہا ہے۔

جناب چیئرمین : بعض دفعہ موجود نہیں تھا۔ دوسری آپ کی موشن پی آئی اے کے کرایوں کے متعلق تھی۔ مجھے اب بھی زبانی یاد ہے۔ اس کے متعلق ایسے ہی ہوا کہ ایک دو مواقع پر mover ہی موجود نہ تھا۔ جہاں تک ہماری کوشش ہے اس کے بارے میں عرض ہے کہ یہ سیشن چونکہ لمبا ہے اس میں کوشش کریں گے کہ یہ سب معاملات نپٹائے جا سکیں اور پچھلے جو اجلاس ہوئے ہیں وہ سات آٹھ یا دس ایام کے ہوتے ہیں، اور ان میں sitting and non-sitting days کا جھگڑا رہا ہے۔ ان ایام میں کسی بھی official business days میں اتنا ٹائم نہیں ملا کہ اس میں سے دو گھنٹے نکال کر آپ اس موشن پر بحث کر سکتے۔ اب کا جو سیشن ہے امید ہے کہ یہ کافی لمبا چلے گا انشاءاللہ! میرا یہ ارادہ ہے کہ سینٹ کی موجودہ تین سال کی life کے اختتام سے پہلے کوئی اسطرح کا pending مسئلہ باقی نہ رہے۔

Mr Javed Jabbar : Point of order Mr. Chairman.

Mr. Chairman : Yes please.

Mr. Javed Jabbar : Following on from what you just said, Mr. Chairman may I draw your attention to the fact as to what is likely to be the last session of the Senate. We are today on the 5th sitting and there is no sign of the Rules of Procedure on the Orders of the Day which is a very strange situation where so much effort has gone in, I believe 70 Rules have already been adopted.

Mr. Chairman :Sixty eight.

Mr. Javed Jabbar : Sixty eight, Sir, and what is the intent, therefore, of the treasury benches. I mean are we going to be left in the lurch? This is a very basic part.

Mr. Chairman : No, I think it is not entirely upto the treasury benches. If you so wish. one fourth of the membership can requisition a special session for that very purpose. I will be prepared to go to that extent.

Mr. Javed Jabbar : Mr. Chairman, but in this I seek your intervention because you know that the people outside the ruling party do not number one fourth of the House, therefore, the treasury benches have a moral responsibility and it is a very major change in the Rules of Procedure, it is an improvement.

Mr. Chairman : This is one of the subjects definitely on my agenda — if you remember and if you recall I had referred to it in my opening address also and, *Insha Allah*, during the current session we would finish the Rules of Procedures also.

مولانا کوثر نیازی : جناب والا ! آپ ہمارے فریق نہیں ہیں آپ تو سب کے چیئرمین ہیں۔ میں یہ گزارش کروں گا کہ ہم ہفتے میں صرف تین دن ملتے ہیں۔ حالانکہ ہم ہر روز مل سکتے ہیں کیونکہ کام بہت زیادہ ہے۔ جیسے کہ قواعد کا کام ہے جیسے کہ یہ ملتوی شدہ تحاریک التواء ہیں اور بہت سے مسائل ہیں . . . . .

جناب چیئرمین : مولانا صاحب ! ہم صرف تین دن ملتے ہیں بلکہ ۹ گھنٹے ملتے ہیں۔ جو کہ ایک دن کی بھی کارروائی نہیں ہے . . . .

مولانا کوثر نیازی : جناب اب آپ تو یہ آرڈر آف دی ڈے مرتب نہیں کرتے۔ یہ تو گورنمنٹ بینچز کی طرف سے مرتب کیا جاتا ہے۔ آخر کیوں یہ ایوان کے کام کو ملتوی رکھتے چلے آ رہے ہیں۔

جناب چیئرمین : میرے خیال میں ان کا کوئی ایسا ارادہ نہیں ہے جہاں تک ارادوں کا تعلق ہے

Wasim Sahib would you like to comment on this particularly on the Rules of Procedure ?

لیکن اس سے پہلے میں ایک تجویز کے بارے میں عرض کرتا ہوں آج صبح میں نے اپنے سیکرٹیریٹ سے بات کی ہے اور میرا اپنا یہ ارادہ تھا کہ جو . . . No. Sitting days ہیں ان میں سے اگر ہم رولز آف پروسیجر لے لیں بشرطیکہ آپ questions کو forego کریں۔ Questions ویسے بھی نہیں آ سکتے ہیں کیونکہ non-sitting days میں Ministeries or Divisions کو نوٹس ہی نہیں دیا گیا ہوتا۔ اور یہ پریویلج اور ایڈجرنمنٹ موشنز جو دو دنوں کا کام ہے۔ وہ دو دنوں میں ختم ہو سکتا ہے ایک میری تجویز یہ بھی تھی اور میں نے suggest کیا تھا کہ جاوید جبار صاحب کو Privately communicate کیا جائے کیونکہ زیادہ تر ترامیم ان کی طرف سے آئی ہیں باقی practically smooth sailing ہے۔ اور اگر وہ amendements جن میں کوئی ایسی earth shaking چیز نہیں ہے۔

on which he must insist and he has a right to insist if he feels that.

تو میرے خیال میں وہ جہاں تک کم ہو سکیں بہتر ہے۔

It requires only two sittings at the most. So, if you agree to this proposal and this is subject to the Minister for Justice's convenence also because without him we can't proceed, then we can finish it, I think, within the next week.

پروفیسر خورشید احمد: جناب چیئرمین! قبل اس کے کہ وزیر عدل اس مسئلہ پر روشنی ڈالیں میں بھی یہ بات ایوان کے سامنے اور آپ کے ذریعے سے حکومت سے کہنا چاہتا ہوں کہ اگر آپ حساب لگائیں ہفتے میں تین دن کے اعتبار سے یعنی ۹۰ دن ہم نے پورے کرتے ہیں جو غالباً ۱۲۔ فروری تک پورے ہو رہے ہیں اور جس رفتار سے ہم چل رہے ہیں اس میں یہ ناممکن ہے کہ اس ایوان کے سامنے جو pending کام ہے اس کو پورا کر سکیں۔ آپ نے رولز آف بزنس کی بات کی ہے، لیکن ایڈجرنمنٹ موشنز ۲ نہیں ۵ ہیں جو approve ہو چکی ہیں جن پر ہمیں بحث کرنی ہے اور ان ۵ کے لیے اگر دو گھنٹے فی ایڈجرنمنٹ موشن رکھیں تو دس گھنٹے ان کے لیے درکار ہیں۔ تیسری چیز Islamic Ideology Council کی رپورٹیں ہیں جن پر ہم نے ڈسکشن شروع کی تھی اور سات میں سے صرف دو موضوعات پر ہم نے بحث کی ہے باقی تمام باقی ہیں۔

جناب والا، ہمیں کوئی اعتراض نہیں ہوگا اگر non-sitting days میں Question Hour نہ ہو۔ لیکن کم از کم یہ ہے کہ ایوان ۱۷۔ فروری تک اپنے سیشن کو مکمل کرنے تک جتنے pending کام ہیں ان کو نمٹا لیں۔ اس طرح اگر ہم کام کریں تو کام ختم ہو گا وگرنہ ہم اپنی ذمہ داریاں پوری نہیں کر سکیں گے۔

Mr. Wasim Sajjad : Sir, actually this constraint on time has come about because we have met after a long period of time because of the Local Bodies elections & then we were compelled under the circumstances to have the both Houses being called almost simultaneously but Sir, barring of course a few occasions when there is some important occasion we have to disperse earlier, I don't see any objection if the honourable members would agree to sitting a little late to dispose of some of the pending business, and

[Mr. Wasim Sajjad]

if the honourable member so agree, Sir, we can bring, I think, some of these adjournment motions also for our discussion, and also I hope Sir, because this session is going to last by the 20th of March we have to do about six weeks and I am sure we will be able to dispose of the Rules of Procedures and other things also. We just have to sit, I think, a little longer than we have been sitting so far and if the honourable members cooperate Sir, I think, we can do it.

Mr. Chairman : Would you agree to the suggestion that I made and this is of course subject to the approval of the House also that on the non-sitting days as designated. at present we take up the Rules of Procedure.

Mr. Wasim Sajjad : Sir, on non-sitting days actually we . . . .

(Interruption)

Mr. Chairman : Without taking up any questions, any privileges or adjournemnt motions.

Mr. Chairman : Then it is accepted in that form which finishes the Resolution itself.

Next item. Further discussion on the resolution moved by Maulana Kausar Niazi Sahib on the 2nd August, 1987. Maulana Kausar Niazi. Sahib.

RESOLUTION; *RE* : NATIONAL BUDGET TO THE PASSSED BY THE SENATE

مولانا کوثر نیازی : جناب والا ! میں اپنا ریزولیوشن پڑھتا ہوں۔

"یہ ایوان سفارش کرتا ہے کہ اگلے مالی سال سے قومی بجٹ سینیٹ کے سامنے بھی پیش کیا جائے اور دستور کے متعلقہ آرٹیکل میں موزوں ترامیم کے بعد سینیٹ سے اس کی منظوری کو لازمی قرار دیا جائے۔"

Mr. Cnairman : I think there are amendments suggested to it.

Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo : Sir, amendments were moved last time.

Mr. Chairman : Then, I think, we start discussion on the amendments. Yes Prof. Khurshid Sahib.

پروفیسر خورشید احمد : امنڈمنٹ موو ہو چکی ہے۔

جناب چیئرمین ! یہ ریزولیوشن میری نگاہ میں ایک بڑا ہی اہم اور بنیادی ریزولیوشن ہے اور میں نے اس میں جو ترمیم پیش کی ہے اسکا مقصد اس قرار داد کو زیادہ موثر، زیادہ concrete اور شاید زیادہ قابل قبول بنانا ہے۔ جیسے کہ میں پہلے یہ ترمیم introduce کر چکا ہوں کہ قرار داد کا اصل مقصد بجٹ کو سینیٹ میں زیر غور لانا ہے۔

قاضی عبداللطیف : پوائنٹ آف آرڈر سر!

جناب چیئرمین : جناب قاضی صاحب۔ پوائنٹ آف آرڈر پر ہیں۔

قاضی عبداللطیف : جناب والا! ہم نے ہمیشہ آپ کی خدمت میں یہ استدعا کی ہے کہ یہ آپ کا سیکرٹریٹ ہمارے ساتھ زیادتی کرتا ہے، ہمیشہ مسودات انگریزی میں پیش کرتے ہیں۔۔ ۔ اب اردو میں میرے پاس پہنچ گیا ہے لیکن میرے پوائنٹ آف آرڈر کے بعد پہلے ہی ساتھ دینا چاہیئے تھا۔

جناب چیئرمین : صحیح ہے۔ جناب پروفیسر خورشید احمد صاحب

پروفیسر خورشید احمد : جناب والا! میں یہ عرض کر رہا تھا کہ اس ریزولیوشن کا اصل مقصد یہ ہے کہ بجٹ سینیٹ میں زیر غور آ سکے۔ سب سے پہلی بات تو میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ خدا را اس مسئلے کو بھی پارٹی کی بنیاد پر یا سینیٹ اور قومی اسمبلی کے اختیارات میں کسی قسم کے تصادم یا ان کے درمیان تنازعہ کی بنیاد پر نہ لیا جائے یہ بڑا ضروری نکتہ ہے۔ ہمارے پیش نظر اس ملک میں جمہوری نظام کو مستحکم کرنا مقصود ہے۔ ہم شوریٰ کے نظام کو زیادہ سے زیادہ مؤثر بنانا چاہتے ہیں اگر دستور میں یا مالی معاملات پر غور و فکر کے نظام میں کسی تبدیلی کی ضرورت ہے تو اس پر اس کی merits کے لحاظ سے غور کیجیئے کسی اور بنیاد پر نہیں۔ یہ اس ملک کے ساتھ جمہوریت کے ساتھ اور اسلام کے ساتھ بڑی نا انصافی ہو گی کہ اتنے اہم مسئلے کو ہم محض پارٹی پالیٹکس کی بنیاد پر غور کریں۔

جناب والا! میں اس موقع پر آپ کو یاد دلانا چاہتا ہوں کہ اسلام نے جس جمہوریت کی ہمیں تعلیم و تربیت دی ہے یہ وہ جمہوریت ہے جس میں حق و انصاف کا ساتھ دینا اور تائید کرنا اور برائی اور ظلم سے

برآت کا اعلان کرنا اس کی بنیاد ہے ۔ بلا لحاظ اس بات کے کہ اس کا ماخذ یعنی اس کا source کیا ہے میں آپ کو یاد دلانا چاہتا ہوں کہ مغرب کے جمہوری نظام میں اور خاص طور سے جرمنی سے جو اصول دیا گیا تھا وہ یہ تھا

My country, right or wrong. My party, right or wrong

لیکن اسلام نے جو اصول دیا ہے وہ اس سے مختلف ہے عرب معاشرے میں بھی ایک مقولہ تھا کہ اپنے بھائی کا ساتھ دو، خواہ وہ ظالم ہو یا مظلوم ۔ اور یہ قبائلی عصبیت میں ایسے ہی ہوتا ہے ۔ لیکن نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے جو بات کہی ہے وہ یہ ہے کہ اپنے بھائی کا ساتھ دو اگر وہ مظلوم ہے اور اگر ظالم ہے تو اس کا ساتھ دو لیکن ظلم سے اس کو روک کر، یہ نہ ہو کہ ظلم کے ساتھ خود بھی بہہ جائیں ۔ یہ ہے اسلام کی approach ۔ تو اس بنا پر میں یہ چاہتا ہوں کہ ہم مسلمان ہیں اور اللہ اور اس کے رسولؐ کی بالادستی کو تسلیم کرتے ہیں تو ہمیں رویہ بھی وہی اختیار کرنا چاہیئے کہ اس قسم کے معاملات پر ان کی ..... کی بنیاد پر غور کریں ۔ پارٹی کے مفاد کی بنیاد پر نہیں ۔ آپ کو معلوم ہے کہ مغرب کے نظام میں بھی جہاں پارٹی کی بنیاد پر سارا نظام چلتا ہے وہ معاملات جو بنیادی قومی اہمیت کے ہیں مثلاً انگلستان نے جیب کامن مارکیٹ میں جانے کا فیصلہ کیا ۔ تو conscience voting کی اور انگلستان کی جدید پارلیمنٹ نے پہلی مرتبہ ریفرنڈم کرایا اور یہ کہ محض پارلیمنٹ sovereign ہے اس نے اتنا بڑا فیصلہ نہیں کیا بلکہ وہ لوگوں تک گئی ۔ اسی طریقے سے جہاں moral اور conscience voting ہوئی مثلاً death penalit

کا مسئلہ تھا بہت سے دوسرے قوانین تھے تو انہوں نے پارٹی وہپ کے ذریعے طے نہیں کیۓ، بلکہ لوگوں کو موقع دیا کہ وہ merits کی بنیاد پر اپنی ضمیر کے مطابق جس بات کو حق مانیں اس کے مطابق بات کریں جناب سب سے پہلی بات میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس میں ہماری approach یہ ہونی چاہیۓ۔

دوسری بات میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں جناب والا! یہ مسئلہ ایسا ہے کہ جس پر ہمارے ملک میں سوچنے سمجھنے والے طبقات کے اندر شروع سے ایک اضطراب پایا جاتا ہے آج پہلی مرتبہ out of the blue اس کو اس ایوان میں نہیں لایا گیا میں آپ کی توجہ مبذول کراؤں گا بابت

Report of the Special Committee on the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate.

جو جناب سرتاج عزیز صاحب کی سربراہی میں قائم کی گئی تھی اور جس میں مجھے بھی کام کرنے کا موقع ملا۔ اس کی سب کمیٹی جس نے میری صدارت میں کام کیا اور جس میں حکومت کی پارٹی کے لوگوں کی اکثریت تھی اس پورے مسئلے پر جب غور کیا تو کسی فرد یا کسی خاص نقطۂ نظر سے نہیں بلکہ اس لحاظ سے کہ جو ملک کے مفاد میں زیادہ سے زیادہ ہو آپ اس رپورٹ کے صفحہ نمبر ۱۱ پر یہ پائیں گے کہ

Under Article 73 of the Constitution; "Money Bills are exclusively within the jurisdiction of the National Assembly and after they are passed by it, are presented to the President for assent without being transmitted to the Senate."

اس پر کمیٹی نے جو رائے ظاہر کی ہے وہ یہ ہے کہ

"In the United States while the Money Bills originate in the House of representatives, the Senate can propose amendments involving increases or decreases of expenditure and or reduction or rejection of a demand for grants."

In the United Kingdom while there is no discussion on the budget in the House of Lords, it can have discussion on general financial policy on the basis of a motion by a member. Similarly, the House can hold direct discussion on the budget by discussing the appropriation in Finance Bills. It can not reject a Money Bill which can only be delayed up to a month.

In India also, Money Bills originate in the *Lok Sabha* but are transmitted to *Rajya Sabha*, which must return them with m 14 days.In clause by clause discussion on Money Bills, amendments are possible but they can adopted only if *Lok Sabha* accepts them. Despite the principle of primacy of the House or representatives in matters of Money Bills in most of the countries with bi-cameral legislatures, there is a defined rule for the second House as shown above. Australia, Canada, Switzerland, Yougoslavia and Russia are some other instances in point.

In vies of this almost universal tradition and the fact that the Senate in Pakistan is an elected body and the guardian of the Federal in principle, the Senate role in financial matters needs further consideration.

دوسرے الفاظ میں سینیٹ کی اس اہم کمیٹی نے جس میں سینیٹ کے تقریباً ۱۵ ارکان ممبر تھے بلا لحاظ party affiliation کے اس مسئلے پر غور کر کے اپنی رائے کا اظہار کیا۔ میں نے خود اس سال کے بجٹ سے پہلے ایک ایک سلسلہ مضامین لکھا تھا جو "مسلم" میں شائع ہوا۔ اس میں میں نے اس مسئلے کو اٹھایا کہ بجٹ بنانے کا طریقہ، اور بجٹ کے معاملے میں سینیٹ کا رول، اس پر در اصل غور ہونا چاہیئے اور پھر محترم کوثر نیازی صاحب یہ ریزولیوشن سینیٹ کے سامنے لائے جس پر ہم اس وقت discussion کر رہے ہیں۔

[Prof. Khurshid Ahmed]

جناب والا! میں آپ کی خدمت میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ہمیں برطانیہ کی خاص روایت سے ہٹ کر غور کرنا چاہیئے۔ برطانیہ میں صورتحال یہ تھی کہ پہلے سارے اختیارات ہاؤس آف لارڈز کو حاصل تھے۔ اور ہاؤس آف کامنز (Commons) نے آہستہ آہستہ اس سے اختیارات چھینے۔ اور بڑی کشمکش اس سلسلے میں ہوئی۔ اور بالآخر ۱۹۱۱ء کا قانون بنا۔ لیکن دنیا کے دوسرے ممالک میں خاص طور پر جہاں فیڈرل سسٹم ہے جہاں bi-cameral یعنی دو ہاؤسز کا سسٹم اختیار کیا گیا ہے وہاں لازماً کوئی تصادم، کوئی کشمکش کوئی پیکار ان کے درمیان نہیں ہوتی بلکہ division of power کے معروف اصول کی روشنی میں اس بات کی کوشش کی جاتی ہے کہ دونوں ایوانوں میں ان کے اختیارات کو تقسیم کیا جائے۔ تقریباً ۲۲ ممالک میں جہاں bicameral system ہے دو کو چھوڑ کر تمام کے دونوں ایوانوں میں فنانس بل زیر غور آتے ہیں۔ یہ صحیح ہے کہ ہمیں اس بارے میں تین ماڈل ملتے ہیں ایک ماڈل وہ ہے کہ جہاں دونوں ایوانوں کو تقریباً مساوی حیثیت حاصل ہے جیسے امریکہ، ان ممالک میں چونکہ دونوں directly elected Houses ہیں اس لیے Money Bills کے معاملے میں ان کو تقریباً مساوی اختیارات حاصل ہیں یہ مثالیں بھی ہیں کہ جوائنٹ سیشن میں بجٹ پیش کیا جاتا ہے، ڈسکشن الگ الگ ہوتی ہے۔ ایسی مثالیں بھی ہیں جہاں پر ایک سال لوئر ہاؤس میں اور دوسرے سال اپر ہاؤس میں alternately بجٹ پیش کیا جاتا ہے تاکہ presentation میں مساوات قائم رہے۔ ان بائیس میں سے پانچ چھ ممالک ایسے ہیں جہاں پر دونوں کو بالکل مساوی اختیارات

حاصل ہیں ۔ اکثریت ان ممالک کی ہے کہ جہاں پر نیشنل اسمبلی یا لوئر ہاؤس یا House of Representative کو نسبتاً زیادہ اختیارات حاصل ہیں ۔ اور اپر ہاؤس، سیکنڈ چیمبر یا House of Deputies جو بھی شکل دی جائے اس کو نسبتاً کم اختیار حاصل ہے ۔ لیکن پاکستان اور ایک ملک اور ان دو کے سوا کہیں ایسا نہیں ہے کہ جہاں اپر ہاؤس کو بالکل exclude کر دیا گیا ہو ۔ اسے اس معاملے میں بات کرنے کا کوئی اختیار ہی نہ ہو بائیس میں سے تقریباً پندرہ سولہ ممالک ایسے ہیں جہاں سیکنڈ چیمبر مالی معاملات پر غور کرتا ہے۔ پالیسی کے معاملات پر اپنی رائے کا اظہار کرتا ہے ۔ کچھ مقامات پر اسے ترمیم تک کا حق ہے، جیسے انڈیا۔ لیکن وہ ترامیم دوبارہ پھر House of Representaties یا لوک سبھا میں ان کے approval کے لیے جاتی ہیں ۔ کچھ مقامات پر ان کو delay کرنے کا اختیار حاصل ہے اور پارلیمانی زندگی میں صرف delay کرنا بھی ایک بڑا اہم factor ہے اس لیے کہ اس کے معنی یہ ہیں کہ ایک متبادل نقطہ نظر بھی قوم کے سامنے آ سکے، پارلیمنٹ کے سامنے آسکے، نیشنل اسمبلی کے سامنے آ سکے ۔ اور وہ خود ان معاملات پر غور کر سکتے ۔

میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ آپ اس کو دونوں ایوانوں کے درمیان کسی تنازعہ، کسی کشمکش کے تناظر میں نہ دیکھیں بلکہ یہ دیکھیئے کہ کس طرح ایک ملک کے منتخب نمائندے اپنا کردار مؤثر ترین انداز میں ادا کر سکتے ہیں ۔ اور فیڈرل سسٹم کے اندر تو یہ بے پناہ ضروری ہے کہ سیکنڈ چیمبر جس کو federating units کی بنیاد پر بنایا جاتا ہے اور ہمارے ملک میں ہماری جو سینیٹ ہے اس میں فیڈرل یونٹ کے علاوہ ایک اور پہلو کا اضافہ کیا گیا ہے اور وہ یہ ہے کہ ہمارا اپنا جو electoral college ہے، یعنی

[Prof. Khurshid Ahmed]

constituency ہے۔ یہ ایک جنرل constituency ہے، ایک سپیشلائزڈ constituency ہے۔ اور مقصد اس کا یہ ہے کہ اس چیمبر کے اندر وہ لوگ جو تجربہ رکھتے ہیں قانون کے معاملات میں معاشیات کے معاملے میں information of sciences کے معاملات میں انجینئرنگ میں، علمائے کرام یعنی وہ افراد لائیں جنہوں نے اپنی پوری زندگی میں کچھ ایسا contribution کیا ہے جو nationally recognized ہے۔ ہر صوبے سے پانچ افراد آپ ایسے لائیں۔ دوسرے الفاظ میں اس بات کی ضرورت ہم نے محسوس کی کہ ایک ایسا ہاؤس ہو کہ جو اپنی فکری اور علمی اعتبار سے بھی اور federating units کے مفاد کے تحت اس کے اعتبار سے بھی ایک کردار ادا کر سکے۔ یہ بڑا ظلم ہے کہ ایک ایسے ہاؤس کو Money Bills کے معاملات میں یکسر غیر مؤثر بنا دیا گیا ہے۔ اور یہ بڑا بنیادی مسئلہ ہے اس لیے اس پر غور ہونا چاہیئے۔ البتہ اصل ریزولیوشن میں ایک خامی تھی اور وہ یہ کہ اس میں ساری توجہ بجٹ پر مرکوز کی گئی ہے جب کہ اگر آپ دستور کا مطالعہ کریں تو آپ دیکھیں گے کہ بجٹ در اصل Money Bill کی ایک شکل ہے لیکن بجٹ کے علاوہ بھی Money Bills ہیں۔ اور خود بجٹ بھی اپنی آخری شکل میں جب پاس کیا جاتا ہے تو وہ ایک Money Bill ہی کی صورت میں قانون تصور کیا جاتا ہے۔ تو اس بنا پر اس میں یہ فنی خامی تھی کہ بجٹ کی بات تو اس میں آ گئی لیکن جو وسیع تر اور بنیادی چیز تھی یعنی Money Bill اور جس کا ذکر کیے بغیر خود بجٹ کو بھی آخری قانونی شکل نہیں دی جا سکتی وہ زیر بحث نہ آ سکی۔ اس لیے میں نے اپنی ترمیم کے ذریعے اس قرارداد کو زیادہ مؤثر بنانے کی کوشش کی ہے تاکہ جو دستوری

خلا ہے یعنی Money Bill وہ زیر غور آئے۔ اسے پیش کیا جائے نیشنل اسمبلی میں لیکن اسے سینیٹ میں بھی زیر غور لایا جائے۔

دوسری چیز جناب والا! میں نے اپنی ترمیم کے ذریعے سے یہ بات سامنے رکھی ہے کہ یہ بات سینیٹ اور نیشنل اسمبلی کے درمیان ایک فٹ بال نہ بن جائے۔ بلکہ میں تجویز کر رہا ہوں کہ ایک ایسی کمیٹی بنائی جائے جس میں سینیٹرز اور نیشنل اسمبلی کے ارکان مل کر بیٹھیں اور باہم افہام و تفہیم کے ذریعے (میری خواہش ہے کہ متفقہ طور پر) دسویں ترمیم لائیں۔ اور تیسری چیز بطور ترمیم میں نے یہ بھی رکھ دی ہے کہ بلاشبہ چونکہ پاکستان میں سینیٹ directly elected نہیں ہے۔ نیشنل اسمبلی کے ہمارے ساتھی یہ بات کہہ سکتے ہیں کہ directly **elected** اور indirectly elected ایوانوں کے درمیان Money Bills کے بارے میں کچھ نہ کچھ فرق ہونا چاہیئے۔ میں نے اس کی گنجائش رکھی ہے۔ میں سمجھتا ہوں جس طرح امریکہ میں ۱۹۱۳ء تک سینیٹ indirectly elected تھی۔ لیکن Money Bills میں اس کو اختیارات حاصل تھے اور جب وہ directly elected ہو گئی تو اسے پورے اختیار دیئے گئے۔ ہمارے ملک میں بھی سینیٹ کو directly elected ہونا چاہیئے۔ لیکن اگر directly elected نہیں ہے تو ہم Money Bills کے معاملے میں کچھ فرق رکھ سکتے ہیں۔ لیکن total exclusion of jurisdiction کے لیے کوئی جواز نہیں ہو سکتا۔ اور میں آپ کے سامنے مثال رکھنا چاہتا ہوں کہ کم از کم Nietherland کے اندر جو ایک معروف جمہوری ملک ہے Upper House is indirectly elected لیکن Money Bill

[Prof. Khurshid Ahmed]

میں اسے مساوی اختیارات حاصل ہیں۔ ایسا نہیں ہے کہ۔۔۔ indirectly elected سیکنڈ چیمبر کو مکمل اختیارات نہیں دیئے گئے ایسی مثالیں بھی موجود ہیں۔ لیکن میں اس کا مطالبہ نہیں کرتا میں صرف یہ کہتا ہوں کہ بجٹ کو Money Bills کو یہاں زیر غور آنا چاہیئے ان پر بحث ہو اور بحث کے بعد کم سے کم اسے یہ اختیار ہونا چاہیئے کہ ہم اسے delay کر سکیں یا امنڈمنٹ تجویز کر سکیں اور پھر وہ ترمیم چاہے نیشنل اسمبلی میں دوبارہ چلی جائے اور ان کی final approval ہو اس کا راستہ میں نے کھولا ہے۔

جناب والا! میری ترمیم کے تین بنیادی پہلو ہیں پہلا پہلو یہ ہے کہ ریزولیوشن کے دائرہ کار کو وسیع کر کے مؤثر کیا جائے۔ اور بجٹ کے ساتھ ساتھ تمام Money Bills اسکے دائرہ کار میں لایا جائے۔ دوسرا یہ کہ ایک ایسی مشینری بنائی جائے جس میں افہام و تفہیم کے ذریعے سے ایک ایسی دستوری ترمیم آ سکے جس کے نتیجے کے طور پر ایک طرف سینیٹ کو اس کا حق مل جائے اور دوسری طرف نیشنل اسمبلی کو یہ احساس نہ ہو کہ اس کا کوئی حق چھینا جا رہا ہے۔ ہم نیشنل اسمبلی کے کسی اختیار کو کم نہیں کر رہے۔ میں دہرانا چاہتا ہوں۔ ہم نیشنل اسمبلی کے کسی اختیار کو کم نہیں کر رہے ہم صرف یہ چاہتے ہیں کہ سینیٹ بھی ان کی معاونت کرے ملک کے مالی معاملات میں، بجٹ سازی میں اس کو approve کرنے میں اور اس کا کوئی راستہ نکلنا چاہیئے۔ اور یہ راستہ ہم دونوں کو strengthen کرے گا کسی کو weak نہیں کرے گا۔ اور تیسری چیز یہ کہ اگر مساوی اختیار نہ ہو تو کم از کم غیر مساوی اختیار لازماً دیا جائے اور اس میں یہ تینوں چیزیں شامل ہیں۔ (۱) مالی معاملات پر ڈسکشن

(۲) مالی بل کو delay کرنا اور (۳) مالی بل میں ترمیم تجویز کرنا جسے نیشنل اسمبلی بعد میں approve کر سکے۔ تو یہ ہے وہ فریم ورک جسے سامنے رکھ کر میں نے اپنی ترامیم پیش کی ہیں۔

جناب والا! میں آپ کا شکر گزار ہوں کہ آپ نے مجھے اپنی بات کہنے کا موقع دیا لیکن میں پورے خلوص کے ساتھ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ یہ میری گزارشات نہ سینیٹ اور نیشنل اسمبلی کے درمیان کسی کشمکش کے پس منظر میں ہیں اور نہ حکومت اور اپوزیشن کے انداز میں بلکہ میرا مقصد یہ ہے کہ یہ ایوان مؤثر ہو اس ملک میں معاشی معاملات میں decision making کا نظام بہتر بنے۔ اس کی کوالٹی بہتر ہو اور قوم کے سامنے ایک اعلیٰ مثال ہم پیش کر سکیں اور اس طرح ہم بہتر نتیجے پر پہنچ سکیں۔ شکریہ!

Mr. Chairman : When the amendment was moved on the last occasion, it was opposed, I think.

Mr. Wasim Sajjad : Yes Sir. opposed.

Mr. Chairman : It was opposed, right. Mr. Javed Jabbar Sahib.

Mr. Javed Jabbar : I rise to support the resolution that has been moved by Senator Maulana Kausar Niazi and the amendments as moved by Prof. Khurshid thought at some point I will try to make apparent what I would have wished to add a further amendment but I am deliberately withholding it.

Mr. Chairman : I think, for the time being we are discussing only the amendment.

Mr. Javed Jabbar : Yes, Sir, and I wish to confine my stateme to it. Sir, looking at the amendments, I think, one should look at the ro of the Senate in terms of what it was visualized to be in the 1973 Cons tution when that Constitution was drafted was drafted. What was the sta of the inter-provincial relationship ? What has happened to the inte provincial relationship in the last fourteen years and, therefore, what ha happened to the role of the Senate after the restitution of democracy

Mr. Chairman, I believe that there has been a basic change in th relationship between the four provinces of the federation. At the time whe the 1973 Constitution was framed, the people of Pakistan were recoverin from the trauma of 1971. At that stage, it was felt that this Constitutio guaranteed an equitable relationship for all the four provinces. However the continuation of the conventional economic structure in our society an the structure has now demonstrated that the people of three smaller pro vinces are convinced that even if one were to apply the letter of the 1973 Constitution which in many respects is not applied, even if it one were to do that the basic realities have now changed, that it is now necessary to re-examine the provisions of the Constitution which enable that smalle provinces to ensure genuine and effective control over the distribution o the resources of the Federation and the most fundamental resource being the financial resource.

As we are well aware this has become a subject of intensive concern in all three provinces, and when I say this I am not necessarily saying that the largest of the four provinces is necessarily an exploitative province. But I am simply pointing out that the reality on the ground in 1988, is basically different from the role of the Senate visualised in the 73 Constitution, therefore, when the amendments or the amendments seek to bring about a consultative process in order to give the Senate this role, I think, they fulfill a reflection on the ground reality.

Sir, secondly, it should also be noted that while there are many examples of indirectly elected Senates also being allowed financial powers, in Pakistan today as a consequence of the change in that situation, which I have just identified, there is a need to have a directly elected Senate because there can be no dispute with the fact that only directly elected legislatures have complete jurisidction over Money Bills. But we are realistic enough to know that an indirectly elected Senate in the present system and the present conditions of Pakistan may be too wishful that a directly elected Senate may have to wait not just till the next general elections but possibly till the election after that. And because it requires a change which I have referred to earlier in the basic past structure of society and this is a great

rivilege which that past structure is not going to give up so easily the elative ease with which provincial Assemblies can be guided or requested to lect members of the Senate as per their choice and this brings me Sir, o the irony that whereas the Senate is meant to protect the interests of all our provinces particularly the smaller or the weaker or the under resourced rovinces ironically and particularly now in Pakistan's present history when ne and the same political party is in power at the Federal level and in the our provinces a blurring and a greying of the role of the Senate occurs. n theory the Senate is supposed to protect all four provinces but in practice s we have seen when the same political party works at all five places then he role of the Senate is automatically diminished then even if the entiments and aspirations of the people of the three smaller provinces re contrary to what the ruling party's majorities in the three Assemblies might represent. They are unable to implement or influence policy at the Federal level, therefore the present situation itself is the best illustrator. Because this present Parliament was created from a non party concept which for a limited purpose had a validity but time and events have illustrated that this Parliament does not, as it never did, reflects the full political reality of Pakistan. We, therefore had in the past and continue to advocate party based general elections at the earliest possible time but in this particular respect where I support the amendments and the resolution, the intent is that until party-based general elections can take place and onee is not even certain that they will take place, I hope that they do and one works for that cause one must at least try to give the Senate the right, the opportunity, the ability to really fulfil even its theoretical function which is written on paper, which is to provide an equitable forum for all four provinces of the Federation.

Sir, I would like to point out that there were two comments made by the honourable Minister for Justice and Parliamentary Affairs in a press statement or in interview that has been reported either in today's newspapers and partially yesterday's, commenting on the potential role of the Senate in finance Bills and he has made two observations. He has said that because of the time factor the sheer fact that by referring a Money Bill to the Upper House it will protract and prolong the concept of a budgetory debate, it is not practical, No. 1 and No. 2, he has come out with a rather surprising observation that whereas in the Assembly the ruling party has a clear majority it is possible that in the Upper House the ruling party will not have a majority which I don't think he means seriously because in the Senate as we well know the Government is fortunate enough to command a 2/3rd majority and as long as an indirectly elected system prevails and Pakistan's

[Mr. Javed Jabbar]

present economic and political power systems prevail, it will ensure that the Provincial Assemblies elect only those members to the Senate who subscribe to the philosophy and the programme of the party in power at the Federal level. This is what the practical consequences are.

Now, as to the honourable Minister's first observation about the time factor, I find this unacceptable because he being a reasonably well informed parliamentarian by now after 1½ years should be cognizant of the fact that all over the world wherever bi-cameral legislative systems operate, the time factor has never been a problem when it comes to considering budgetory allocations or Money Bills and I will cite here Sir, five examples because these five examples are from bi-cameral systems, each of them has a separate system for the composition of the Senate. The *Rajya Sabha* as we know has 250 members of which 12 are appointed or nominated by the Head of State from fields of literature and arts whereas the rest are elected on a unitary principle by the provincial legislatures & even there as has already been pointed out, the *Rajya Sabha* has the authority to look at Money Bills. Let us take Australia where in contrast to the *Rajya Sabha* with an indirect system we have a Senate which is directly elected. Ten Senators from each of the 6 State plus a certain number of other Senators representing other territories of Australia and there while the Money Bill cannot be initiated in the Senate, the Senate has veto power on all Bills that are introduced into the Assembly or that are referred to the Senate. So, we have a contrast between the *Rajya Sabha* in India the Senate in Australia.

The third example Sir, I would like to quote is of Canada wherein contrast to these other two systems all the members of the Canadian Senate are personally selected and appointed by the Prime Minister of Canada and yet even in this entirely appointed and nominated Upper House even there the Senate has some kind of token role at least to play in being able to give a comment on all matters that relate to the Government of Canada. We then go to France Sir, where in contrast to all these three examples the method of election of the Senate is entirely different. There are four electoral systems which together combined to create the Senate of France in which the Deputies, the Municipal Councillors, the various Divisional representatives they constitute one electoral college then certain Senators are elected to represent overseas French territories. So, in all one can say, it is an entirely different system of election but even there the French Senate also has financial power even though it is once again as in the case of Pakistan indirectly elected. And the last example Sir, I would like to cite is an interesting example because it is a monarchy. Thiland, where as many as out of 225 members of the Senate all of whom are appointed, I believe 3/4ths

represent the Armed Forces of Thailand. Now, that is a completely extreme example but even in Thailand the Senate, the Upper House of Parliament has the authority to look at Money Bills.

Therefore, Sir, there is a conclusive case here for considering the amendments to the resolution and for considering the resolution itself with the proviso that I believe that only a directly elected Senate will truly reflect the new inter-provincial realities of Pakistan. As you are aware I have submitted a resolution which has been balotted but has not yet been able to find its place on the Orders of the Day, I hope it will and it will afford us an opportunity to consider other dimensions. Thank you.

Mr. Chairman : Thank you very much. Qazi Abdul Latif Sahib.

قاضی عبداللطیف : جناب چیئرمین! میں اس قرارداد اور اس ترمیم کی حمایت کرتا ہوں۔ میرے خیال میں ملک کے اندر اس وقت صوبائی یا طبقاتی کشمکش کو زیادہ ہوا دی جا رہی ہے اس کو فرو کرنے کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ اس ایوان کو بھی بجٹ پر بحث کا اختیار دیا جائے اس لیے کہ یہاں تمام صوبوں کی نمائندگی مساوی ہے۔ جہاں تک جمہوریت کے استحکام کا تعلق ہے اگر یہ حکومت واقعتاً اس ایوان کو بجٹ پر بھی بحث کا اختیار دے دیتی ہے تو میرا خیال یہ ہے کہ تاریخ میں یہ جمہوریت کے استحکام کا ایک سنہری باب ہوگا کسی فرد سے اس کا تعلق نہیں، اس ایوان کے ان ممبروں سے اس کا تعلق نہیں بلکہ یہ ایک تاریخی کارنامہ ہوگا۔ اور جن ممالک کے اندر آج تک یہ طریق کار اختیار کیا گیا ہے جن کے حوالہ جات ہمارے پروفیسر صاحب نے دیئے ہیں وہاں پر یہ نظام تقسیم اموال کے لحاظ سے بڑے اچھے پیمانے پر کامیاب رہا ہے۔ میرا خیال یہ ہے کہ ان کے اس تجربے سے فائدہ اٹھاتے ہوئے ہمیں بھی اس کو

اپنانا چاہیئے اور اس صوبائی اور طبقاتی کشمکش کو ختم کرنے کے لیے یہ ایک بہترین طریق کار ہو گا۔ بس اتنی مختصر گزارش کے ساتھ ان کی تائید کرتا ہوں۔

Mr. Chairman : Any one else, for or against the Government ?

جناب میر داد خیل صاحب کیا آپ بولنا چاہتے ہیں؟

جناب عبدالرحیم میر داد خیل : اتنا نہیں بول سکتا لیکن بہر حال فرض ادا کروں گا تاکہ حاضری لگ جائے۔

جناب چیئرمین : وہ لگ چکی ہے۔

جناب عبدالرحیم میر داد خیل : گزارش یہ ہے کہ پروفیسر صاحب نے جو ترمیم پیش کی ہے اس کی میں مکمل تائید کرتا ہوں اور ہمیشہ یہ چاہتا ہوں کہ یہ ایوان بالا جو ہے اس کو اوّلیت دی جائے نہ کہ اس کو ثانوی حیثیت۔ جیسا کہ ہم اس ہاؤس میں آتے ہیں تو راستے میں پہلے قومی اسمبلی اور پھر دوسرے درجے پر سینیٹ لکھا ہے اور اس کی یہ ثانوی حیثیت ختم ہونی چاہیئے۔ اور اس کی ایک Value ہونی چاہیئے اصل حقیقت یہ ہے کہ پارلیمنٹ جو جمہوریت کا مغز ہے اس کو اہم کردار ادا کرنے میں مدد ملے گی اور اس کی Value بڑھانے سے اس کے وقار میں اضافہ ہو گا۔

جناب چیئرمین : شکریہ! جناب پروفیسر صاحب

پروفیسر خورشید احمد : کیا کمیٹی کے ارکان سے جنہوں نے کمیٹی میں اس خیال کی تائید کی تھی ہم یہ توقع رکھیں کہ کم از کم وہ اپنے خیالات کا اظہار کریں اور اس ایوان کو بھی اپنی آراء سے مستفید ہونے کا موقع دیں۔

جناب چیئرمین : آپ نے اس کی طرف اشارہ بہت پہلے بھی کیا تھا۔

پروفیسر خورشید احمد : اشارہ انہوں نے سمجھا نہیں اس لیے مجھے کھل کر کہنا پڑا۔

جناب چیئرمین : جناب میر داد خیل صاحب کا جو پوائنٹ ہے اس کے متعلق میں ان کی توجہ آرٹیکل ۵۰ کی طرف مبذول کراؤں گا جس میں یہ ذکر ہے۔

"50, There shall be a *Majlis-e-Shoora* (Parliament) of Pakistan"

ایک مجلس شوریٰ ہونی چاہیئے جو

". . . consisting of the President and two Houses to be known respectively as the National Assembly and the Senate".

یہ جہاں سے سب کچھ کا آغاز ہوتا ہے وہاں پر ناموں کا جہاں تک تعلق ہے نیشنل اسمبلی کا نام پہلے آتا ہے سینیٹ کا بعد میں آتا ہے۔

پروفیسر خورشید احمد : جناب چیئرمین ! آپ کی اجازت سے عرض کرتا ہوں کہ.... In Order of Precedence

جناب چیئرمین : یہ نہیں کہا in Order of Procedence نیشنل اسمبلی کا نام پہلے آ رہا ہے۔

قاضی عبداللطیف : لیکن پروٹوکول کے اندر اس کا طریق کار کیا ہوتا ہے ؟

جناب چیئرمین : پروٹوکول الگ ہے۔ جناب وزیر خزانہ صاحب۔

میاں محمد یاسین خان وٹو : اس ایوان کے سامنے آج جو مسئلہ درپیش ہے وہ بہت اہم بھی ہے اور بہت نازک بھی۔ اس اسٹیج پر میں اس کے مختلف پہلوؤں پر بحث کرنا مناسب نہیں سمجھتا اس وقت جس چیز کے بارے میں میں اس معزز ایوان کی توجہ دلانا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ آیا اس مسئلے کا فیصلہ ایک قرارداد کے ذریعے کیا جائے یا کیا جانا مناسب ہے یا نہیں۔

جناب چیئرمین : میرے خیال میں پہلے قرارداد کی حدود کا بھی تعین کر لیں کہ قرارداد ہے کیا؟ اصل قرارداد میں ایک ترمیم تجویز کی گئی ہے اگر آپ اپنے ارشادات قرارداد تک محدود رکھیں تو میرے خیال میں معاملہ آسان ہو جائے گا۔

میاں محمد یاسین خان وٹو : جناب والا! اگر آپ اجازت دیں تو میں قرارداد اور ترامیم دونوں کے بارے میں ایک ہی وقت میں معزز ایوان کا وقت لے لوں اور اس کے بعد . . . . . .

جناب چیئرمین : وہ قاعدے کے خلاف ہو گا اور ایوان کے لیے بھی مشکل ہو جائے گا کہ ایک کو ریجیکٹ کریں یا دونوں کو ریجیکٹ کریں یا دونوں کو منظور کریں یا ایک کو منظور کریں۔

میاں محمد یاسین خان وٹو : جناب والا! میں یہ عرض کروں گا کہ بنیادی طور پر قرارداد کے ذریعے اظہار نہیں ہونا چاہیئے اور جب قرارداد کے ذریعے اظہار نہیں ہونا چاہیئے تو ترامیم کو بھی فاضل ممبر قرارداد کا حصہ بنانا چاہتے ہیں وہ بھی اسی بات میں آئے گی اور جب میں اپنے دلائل دے رہا ہوں گا اس میں ظاہر ہے ترامیم کا بھی ذکر ہو گا۔ جناب والا! عرض یہ ہے میں نے اس بات کو واضح

کیا ہے میں اس وقت اس بات پر دلائل نہیں دوں گا آیا بجٹ کو اس معزز ایوان کے سامنے پیش کرنا چاہیئے یا نہیں یا آیا **Money Bills** کو اس معزز ایوان کے سامنے پیش کرنا چاہیئے یا نہیں۔ میں اس وقت اس مسئلے پر بحث نہیں کر رہا ہیں اس وقت اس مسئلے پر بحث کرنا چاہتا ہوں آیا کہ اس امر کا فیصلہ بذریعہ قرارداد کرنا مناسب ہو گا یا نہیں۔ جناب والا! اگر آپ قرارداد کو پاس کرتے ہیں تو اس کا مطلب یہ ہو گا کہ وہی لوگ جن کو آئین کی ترمیم کا اختیار ہے وہ اپنے اس حق کو تو استعمال نہیں فرما رہے جو انہیں آئین کو ترمیم کرنے کا حق ہے بلکہ اس کی بجائے وہ آئین میں ترمیم ایک قرار داد کے ذریعے لانا چاہتے ہیں اور قرار داد کے ذریعے فرما کیا رہے ہیں۔ قرار داد کے ذریعے یہ فرما رہے ہیں کہ آئین میں ترمیم کی بجائے ایک ایسا عمل کیا جائے جس کا عملاً مقصد یہ ہو گا کہ آئین میں ترمیم ہو اور وہ کس کو کہہ رہے ہیں حکومت کو کہہ رہے ہیں حالانکہ حکومت کی بجائے آئین میں ترمیم کا حق اس معزز ایوان کو حاصل ہے۔

دوسری بات یہ ہے کہ قرار داد جو ہے وہ محض ایک اکثریت سے پاس کی جا سکتی ہے جب کہ آئین کی ترمیم دو تہائی ممبران کی تائید سے ممکن ہے اس کے بغیر ممکن ہی نہیں اس لیے یہ بات نا مناسب ہے کہ آئین کی ترمیم کے لیے قرار داد کا ذریعہ اختیار کیا جائے کیونکہ یہی ایوان آئین میں ترمیم کرنے کا اختیار رکھتا ہے دوسرا یہ ہے کہ قرار داد محض اکثریت سے پاس کی جا سکتی ہے۔ تو محض اکثریت سے آپ عملاً دو تہائی کے اختیارات کے خلاف کام کر رہے ہوں گے۔ اگر ہم محض اکثریت کے ذریعے آئین کی ترمیم کی بات کریں۔ پھر جناب تیسری بات یہ ہے کہ آپ حکومت کو فرما رہے ہیں کہ وہ ترمیم کرے حکومت

[Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo]

کے لیے نیشنل اسمبلی میں اکثریت کا ہونا ضروری ہے لیکن محض اکثریت کا ہونا ضروری ہے دو تہائی میجارٹی کا ہونا ضروری نہیں ہے اور پھر یہ ایک ایسا نازک مسئلہ ہے جو دو ایوانوں سے متعلق ہے اور حکومت کو مجبور کرنا کہ حکومت اس ذمہ داری کو نبھائے حالانکہ ریزولیوشن کے مطابق تو یہ ہے کہ ایسا مسئلہ ہو تو اس پر قرار داد پیش ہو سکتی ہے

"It shall relate to a matter which is primarily the concern of the Government".

اس میں — Primarily concern of the Government نہیں ہے primarily یہ concern ہے of both Houses of Parliament — چنانچہ آئین میں ترمیم کے لیے قرار داد پاس کر کے ہم کوئی بہت اچھی روایت قائم نہیں کر رہے ۔ اچھی روایت یہ ہے کہ آئین کی ترمیم آئینی ترمیمی بل سے کی جائے۔ جناب والا! ایک اور مسئلہ بھی ہے کہ فرض کر لیجئے کہ یہ معزز ایوان اس قرار داد کو پاس کر دیتا ہے تو حکومت کو گویا اس ایوان نے حکم دے دیا کہ وہ دوسرے ایوان میں بھی — اس قرار داد کے لیے دو تہائی ممبران کی سپورٹ ہر قیمت پر حاصل کرے اور اس ایوان میں بھی ہر قیمت پر حاصل کرے حالانکہ قرار داد جو ہے وہ محض اکثریت سے پاس کی جا سکتی ہے ۔ اس لیے میں عرض کروں گا کہ معاملہ چونکہ نازک ہے معاملہ دو ایوانوں سے متعلق ہے اس لیے ضروری ہے کہ ہم اس بارے میں جلدی بھی نہ کریں ۔ اور اس قرار داد کے ذریعے آئینی ترمیم کرنے کو پاس نہ کریں ہاں مسئلہ اہمیت طلب ہے مسئلہ نازک

بھی ہے اور توجہ طلب بھی ہے یوں بھی نہیں کہ ہم اس مسئلے کو یونہی چھوڑ دیں۔ اس مسئلہ پر ہمیں غور کرنا چاہیئے لیکن غور کرنے کا ذریعہ جو ہے اس کے متعلق میں آپ کی اجازت سے یہ کہوں گا۔۔۔۔

جناب چیئرمین : میرے خیال میں اس اسٹیج پران amendments کو dispose of کر دیں جس کی آپ نے مخالفت کی ہے اور reasons بھی دی ہیں۔ پھر main resolution پر جب آئیں گے تو پھر یہی طریقہ ہو گا کیونکہ بہت سارے ممبران اس پر ابھی بولے ہی نہیں۔

میاں محمد یاسین خان وٹو : جناب والا! پھر جو امنڈمنٹ ابھی فاضل ممبر نے پیش کی ہے، اس میں انہوں نے یہ فرمایا ہے، یعنی پہلے ہی یہ فیصلہ کر دیا ہے کہ نیشنل اسمبلی کے پانچ اور سینیٹ کے پانچ ممبران صاحبان ہوں جو کیا کریں؛ وہ یعنی

The Chairman of the Senate & the Speaker of the National Assembly to prepare the draft of a constitutional amendment enabling the Senate of Pakistan to discuss all Money Bills including the budget immediately after they are introduced in the National Assembly, and, send the Bill back to the National Assembly within 15 days of its presentation in the Senate with its comments.

گویا پہلے ہی انہوں نے determine کر دیا کہ یہ کمیٹی جو ہو گی یہ آئین میں ترامیم بھی تجویز کرے گی اور یہ یہ ترامیم تجویز کرے گی۔

تو عملی طور پر گویا یوں آپ نے حکم دے دیا کہ اس قرارداد کے ذریعہ آئین کی ترمیم کر دی جائے۔ حالانکہ اس کے لیے باقاعدہ واضح موجود ہے۔ اس معزز ایوان کا بھی اختیار ہے اور دوسرے معزز

[Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo]

ایوان کا بھی اختیار ہے۔ اس لیے میں عرض کروں گا کہ یہ جو ترامیم ہیں، یہ نا مناسب ہیں اور یہ ہماری کارگزاری کو نا مناسب طریقے سے متاثر کریں گی۔ اس لیے میں استدعا کروں گا کہ انہیں نا منظور فرمایا جائے۔

قاضی عبداللطیف : پوائنٹ آف آرڈر، گزارش یہ ہے کہ ہمارے قابل احترام وزیر صاحب نے جو کچھ فرمایا، ہم نے سن لیا اور انہوں نے ہمیں جو ہدایات دی ہیں کہ قرار داد کے ذریعہ یہ کام نہیں ہو سکتا بلکہ بل کے ذریعہ ہو سکتا ہے۔ اس سلسلے میں پہلی بات تو یہ ہے کہ اگر ہم قرار داد پیش کرتے ہیں تو کہتے ہیں، کہ یہ قرار داد کا قصہ نہیں ہے، اگر ہم بل لاتے ہیں تو اسے مسترد کر دیتے ہیں، اسے اپنے وقار کا مسئلہ بنا لیتے ہیں۔ اس لیے اگر وہ مہربانی کریں اور ہمیں بل پیش کرنے دیں اور یہ اقرار کریں کہ ہم اس پر واقعتاً آپ کی حمایت کریں گے، تو اس کے لیے ہم تیار ہیں۔ یا اگر وہ یہ یقین دہانی کراتے ہیں کہ ہم بل لا رہے ہیں پھر بھی ٹھیک ہے لیکن اگر محض یہ ٹالنے کا ذریعہ ہے کہ نہیں ... اس کو بھی ختم کیا جائے علاوہ ازیں انہوں نے ان دلائل کا بھی کوئی حوالہ نہیں دیا جو پروفیسر صاحب نے دیئے یا جس جذبہ سے کوثر نیازی صاحب نے یہ قرار داد پیش کی تھی، اس کے متعلق تو ہمارے وزیر صاحب نے کچھ فرمایا ہی نہیں۔ اب اکثریت کی بنا پر، ہم جانتے ہیں کہ ہمارے ساتھ وہی حشر ہوگا جو ہونا ہے لیکن میں اتنی گزارش کروں گا کہ اگر وہ یقین دہانی کرا دیں کہ واقعتاً ہم بل لائیں گے تو وہ مخالفت نہیں کریں گے تو میرا خیال ہے کہ جب میں مولانا کوثر نیازی صاحب سے درخواست کروں گا تو، وہ اسے واپس لے لیں گے اور اگر ہمیں یہ موقع دیتے ہیں کہ ہم بل پیش کریں تو اس سلسلے میں عرض ہے کہ ہم نے پہلے اپنے بلوں کا حشر دیکھا

ہوا ہے۔ وسیم سجاد صاحب ہمارے مہربان بیٹھے ہوئے ہیں ہمیں پتہ ہے کہ جو حشر اس کا وہ کریں گے تو اس صورت میں ہمیں بل لانے کا کیا فائدہ ہو گا۔

پروفیسر خورشید احمد: جناب چیئرمین! محترم وزیر خزانہ نے جو سچی بات کہی ہے وہ یہ ہے کہ یہ موضوع اہم بھی ہے اور نازک بھی اور کم از کم انہیں اس بات کی گواہی دینا چاہیئے کہ میرے ساتھی محترم کوثر نیازی صاحب، جناب جاوید جبار صاحب نے اور میں نے بھی اپنی گزارشات پیش کرتے ہوئے ان دونوں پہلوؤں کو بھی سامنے رکھا ہے۔ اور اس کی اہمیت کو اور اس کی نزاکت کو بھی انہوں نے جن دلائل کا سہارا لیا ہے، حقیقت یہ ہے کہ میں ان جیسے معروف پارلیمینٹیرین سے اتنے کمزور دلائل کی توقع نہیں رکھتا تھا۔ انہوں نے فرمایا کہ یہ ایوان اختیار رکھتا ہے دستوری ترمیم لانے کا تو پھر آخر یہ دستوری ترمیم کی بجائے قرار داد کیوں لا رہے ہیں۔۔ میں ان کو یاد دلاؤں گا کہ اس ایوان میں اور نیشنل اسمبلی میں بھی، آٹھواں ترمیمی بل منظور کرتے وقت سرکاری پارٹی اور اپوزیشن دونوں کے اتفاق رائے سے ایک قرار داد پاس ہوئی تھی اور اس قرار داد میں یہ وعدہ کیا گیا تھا کہ اسی سیشن میں نواں دستوری ترمیمی بل لایا جائے گا۔ اور اس نویں ترمیمی بل کے خدو خال، اور اس کے جو contexts تھے، وہ بھی لکھ دیئے گئے تھے، اس بل کو جناب پرائم منسٹر نے approve کیا تھا، اس بل کو باہم مشورے کے بعد سرکاری پارٹی کے ایک ممبر، اگر مجھے صحیح یاد ہے تو شاید وہ پروفیسر محمود تھے جنہوں نے وہاں پر اسے move کیا جسے نیشنل

[Prof. Khurshid Ahmed]

اسمبلی نے بالاتفاق منظور کیا۔ نیشنل اسمبلی دستوری ترمیم لانے کے لیے بااختیار تھی نیشنل اسمبلی با اختیار تھی کہ جو ضوابط ہیں ۲۲۹ کے تحت، انکو معطل کر کے نویں ترمیمی بل کو اسی وقت مان لیتی لیکن اس نے یہ ماسنتہ اختیار نہیں کیا، اس کے مقابلے میں اس نے یہ قرار داد منظور کی۔ اسی طریقے سے اس ایوان نے جب یہ بل منظور کیا، اس وقت کوئی دستوری مسئلہ تھا، لیکن دستوری مسئلہ کے بارے میں قرار داد کی شکل میں وزیر اعظم نے اس چیز کو منظور کیا، اس کے substance کو ایوان کے سامنے پیش کیا، جو ریکارڈ میں موجود ہے، اور اس کے بعد اس کی بنیاد پر آئندہ دستوری ترمیم لائی گئی جو نویں دستوری ترمیم تھی۔ جو کہ اس ایوان نے منظور کی تھی۔ تو میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ یہ معروف پارلیمانی روایات ہیں کہ دستوری ترمیم سے پہلے اظہار رائے کیا جا سکتا ہے، یہ قرار داد کی شکل میں بھی کیا جا سکتا ہے، agreement کی شکل میں کیا جا سکتا ہے، کسی سب کمیٹی کی سفارش کی شکل میں کیا جا سکتا ہے اور اسکے بعد دستوری بل آسکتا ہے

اس پر آپ ہی کے انہی ایوانوں نے، سینیٹ نے اور اسمبلی نے بھی عمل کیا ہے۔ اس کے بعد یہ کہنا کہ صاحب، دستوری ترمیم کی بجائے آپ قرار داد کیوں لے آئے، میرے خیال میں یہ بڑی بودی اور غیر پارلیمانی بات ہے۔

دوسری بات میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں اور جس کی طرف محترم قاضی عبداللطیف صاحب نے اشارہ کیا کہ ہم ایک بار نہیں، سو بار دستوری ترمیم لانے کے لیے تیار ہیں لیکن ہماری کوشش در اصل یہ ہے کہ بجائے اس کے کہ یہ اکثریت اور اقلیت کا تنازعہ ہو، آپ merits

کی بنیاد پر ان مسائل پر غور کیجئے اور اگر وزیر خزانہ اس بارے میں کوئی مثبت تجویز لاتے ہیں تو ٹھیک ہے ہم نے جو راستہ پیش کیا ہے، اس میں یہ مشکلات ہیں، تو آپ یہ ہمیں بتایئے اور کہیے کہ گورنمنٹ نے یہ راستہ تجویز کیا ہے۔

میاں محمد یاسین خان وٹو : جناب والا! ابھی میری تقریر تو ختم ہی نہیں ہوئی، میں تو ابھی قرارداد کے بارے میں راستہ بتانے والا تھا.....

پروفیسر خورشید احمد : اگر آپ راستہ بتائیں تو ہم اس پر غور کرنے کے لیے تیار ہیں۔

جناب چیئرمین : میرے خیال میں amendinent کا تصفیہ ہو جائے، تو اس کے بعد قرارداد پر بات کرنا بہتر ہے۔

میاں محمد یاسین خان وٹو : جناب والا! ابھی میں راستہ بتانے والا تھا..... (مداخلت)

پروفیسر خورشید احمد : اگر وزیر خزانہ کوئی راستہ بتانا چاہ رہے ہیں تو میرے خیال میں بہتر ہے کہ وہ راستہ پہلے سامنے آ جائے تاکہ اس کے بعد پھر بحث نہ ہو، لیعنی اگر وہ کوئی مثبت چیز سامنے لانا چاہتے ہیں تو ہم welcome کریں گے۔

جناب چیئرمین : سوال پہلے اس amendment سے متعلق ہے اگر ہم نے رولز کے مطابق چلنا ہے تو پہلے ہمیں amendments کو one way or the other dispose of کرنا ہو گا۔ اور اس کے بعد مولانا کوثر نیازی کے resolution پر بحث شروع ہو سکتی ہے جس پر اور بھی دلائل دیئے جا سکتے ہیں۔ باقی اصحاب اگر اس پہ بولنا

[Mr. Chairman]

چاہیں تو وہ بھی بول سکتے ہیں۔ طریقہ یہی ہے، باقی اگر آپ کوئی اور طریقہ suggest کرتے ہیں تو مجھے کوئی اعتراض نہیں۔

میاں محمد یاسین خان وٹو : جی سر! اس کو dispose of کر دیں۔

Mr. Chairman : Then I will put the question as far the amendment is concerned. The question is :

